
دنیا کا علم
www.dunyakailm.com
سعد فارمیسی
کے
مجربات
مصنف
حکیم قاری محمد یونس شاہد میو
نبض شناش، ماہر غذائیات، مولف کتب کثیرہ،
عامل روحانی وجسمانی، معالج خصوصی جوڑ درد مہرے، فالج
www.tibb4all.com
ہماری مزید کتابوں کے لیے ویب سائٹ یا واٹس ایپ پر رابطہ کرے
0348-4225574
Designing Saad Younas
0303-0847145
ہماری مزید کتابوں کی معلومات، ڈاؤن لوڈ لنک اس ویب سائٹ پر موجود ہیں
www.tibb4all.com
منتظم اعلیٰ
/tibb4all
0348-4225574 , 0323-8537640
سعد طبیہ کالج برائے فروغ طب نبوی ﷺ
کاہنہ نو لاہور پاکستان

# بسمہ تعالیٰ

اے جذبہ دل گر تو چاہے۔

زندگی میں کوئی بھی چیز آسان نہیں ہوتی۔اپنی نوعیت واہمیت کے اعتبار سے اپنی قیمت ضرور وصول کرتی ہے،اس کی کوئی بھی شکل وصورت ہوسکتی ہے،مال،جان،وقت،وغیرہ۔علوم وفنون میں نکھار تجربات کی بنیاد پر پیدا ہوتا ہے،اور تجربات اسی وقت ہوتے ہیں جب متعلقہ علم وہنر میں سوجھ بوجھ ہو۔معمولی سا کام بھی نکھار کے لئے قیمت وصول کرتا ہے۔عمل پیہم۔لگن کوشش۔وقت کی ناہمواری،احباب کا تمسخر کونسی تکلیف ہے جو کسی میدان مین پختگی حاصل کرنے کے لئے درکار نہیں ہوتی۔

میری زندگی کا سنہرا دور جسے لڑکپن وجوانی کہا جاتا ہے،طب وعملیات کے میدانوں میں خاک چھانتے ہوئے گزری ہے۔قدرت کا بھی عجیب نظام زندگی ہے،جب کسی سے کوئی کام لینا ہوتا ہے تو چاہتے نہ چاہتے ہوئے بھی اسے زمانہ سے الگ تھلگ کردیا جاتا ہے۔،فرد وبشر اس فیصلہ پر بہت ہاتھ پائوں مارتا ہے،اسے کراہت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ہاتھ پائوں مارتا ہے کہ کسی طرح اس طبعی گھٹن والے ایام سے باہر نکل جائے۔لیکن اس کا تعین قدرت کرتی ہے کہ کسی کو کس حال میں کتنی دیر رکھنا ہے۔

بندہ راقم کی بھی زندگی کچھ ایسے ہی فریم ورک سے آراستہ ہے۔ایک وقت تھا کہ جب زندگی کے ایام بہت گھٹن سے گزر رہے تھے۔دنیا سے رابطہ منقطع تھا،کتاب سے بڑھ کر کوئی مونس وغم غوار نہ تھا،ایک رات کا بخیر گزرنا۔ایک وقت کی روٹی پیٹ بھر کر نصیب ہونا بہت بڑی نعمت خداوندی تھی۔یہ قیامت خیز گھڑیاں تھیں۔جس سے جتنی زیادہ سناشائی ہوتی تھی اس سے اتنی ہی وحشت وخوف آتا تھا۔لوگ اپنوں کو تلاش کرتے ہیں،میں انہی لوگوں سے چھپتا پھرتا تھا۔وہ تلخ ایام جنہیں میں ناپسند کرتا تھا،آج میرے لئے شناخت کا ذریعہ ہیں۔یہ وہی تحریرات ہیں جنہیں میں اپنی وحشت دور کرنے اور کچھ دیر من بہلاوے کے لئے لکھا کرتا تھا،آج میری شناخت بن چکی ہیں۔۔۔

یہ انہیں ایام کی داستان ہے، میں دور دراز علاقوں میں نکل جاتا تھا۔ایک بیگ میرے کاندھے پر ہوتا تھا، کسی گائوں میں جا کر بیٹھ جاتا، للہ فی اللہ نبض دیکھتااور مفت دوا دیتا۔ میری کوشش ہوتی کہ میں دس روپے کی پرچی پر مریض کوایک ہفتہ کی دوا دیدوں۔اس سے میرا خرچہ بھی نکل آئے گا۔اور مریض بھی دوا کھالے گا۔ تنگ دستی عروج پر تھی، سو پچاس روپے بھی معنی رکھتے تھے۔خودداری اتنی کہ بھوکا رہنا۔ منظور تھالیکن کسی سے دس روپے ادھار لینا گوارانہ تھا۔

یہ اوراق انہیں ایام کی داستان ہیں۔ان نسخوں سے میں نے بہت سافائدہ اٹھایا، بے شمار لوگوں کے دکھوں کامداواان سے کیا۔ یہ وہ ڈائری میں لکھے ہوئے نسخہ جاتا ہے، جنہیں میں افادیت وضرورت کے تحت لکھ لیا کرتا تھا۔ مجھے توقع نہ تھی کہ یہ اوراق کبھی افادہ عام کے لئے شائع بھی ہوسکیں گے، میں انہیں بھول چکا تھا۔2009،....2010 دیکھ رہا تھا کیونکہ یہ ان ریڈ ایبل ہوچکی تھیں CDs میں لکھی ہوئی بہت سی کتب ضائع ہوچکی تھی۔آج میں پرانی ۔پھر سی ڈی روم۔ وغیرہ بھی میسر نہیں، لیکن ایک لیب ٹاپ میں ڈی، وی ڈی روم موجود تھا۔ کوشش کی تو چار پانچ کتابوں کاڈیٹا ریکور ہوا(1) جادو کی تاریخ (2) قران کریم کے الفاظ معانی میواتی زبان (3) شنیوا کے پہاڑ (4) سعد طبیہ کالج کے مجربات () وغیرہ مناسب سمجھتا ہوں کی یہ قیمتی نسخہ جات، سعد طبیہ کالج کے طلباء اور عوام الناس، اطباء وحکماء کے لئے ڈیجیٹل کاپی اپ لوڈ کررہاہوں۔امید ہے یہ کاوش میرے لئے صدقہ جاریہ بنے گی۔

حکیم قاری محمد یونس شاہد میو

منتظم اعلی سعد طبیہ کالج برائے فروغ طب نبوی ﷺ کاہنہ نو لاہور

سعید فارمیسی (رجسٹرڈ)

قدیم وجدید۔روحانی و جسمانی تشخیص و معالجہ کا منہ بولتا نام۔

زیر نگرانی۔ابو سعد محمد یونس شاہد میو۔بناض حکیم،عامل کامل۔مصنف و مؤلف کتب کثیرہ

حوالہ نمبر............تاریخ............عمر......................

نام مریض...............نام تشخیص مرض...............جنس...مرد/عورت

ہوالشافی۔

۔اعصابی غدی۔محرک۔شدید۔ملین۔مقوی۔اکسیر۔تریاق۔لبوب۔جوارش۔جوشاندہ1

۔۔دیگر مجوزہ ادویات

۔اعصابی عضلاتی۔۔محرک۔شدید۔ملین۔مقوی۔اکسیر۔تریاق۔لبوب۔جوارش۔جوشاندہ2

۔۔دیگر مجوزہ ادویات

۔عضلاتی اعصابی۔۔محرک۔شدید۔ملین۔مقوی۔اکسیر۔تریاق۔لبوب۔جوارش۔جوشاندہ3

۔۔دیگر مجوزہ ادویات

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم

۔عضلاتی غدی،۔ محرک۔شدید۔ملین۔مقوی۔اکسیر۔تریاق۔لبوب۔جوارش۔جوشاندہ4

۔۔دیگر مجوزہ ادویات

۔غدی عضلاتی۔۔ محرک۔شدید۔ملین۔مقوی۔اکسیر۔تریاق۔لبوب۔جوارش۔جوشاندہ5

۔۔دیگر مجوزہ ادویات

۔غدی اعصابی۔۔ محرک۔شدید۔ملین۔مقوی۔اکسیر۔تریاق۔لبوب۔جوارش۔جوشاندہ6

۔۔دیگر مجوزہ ادویات

کیفیات اور حالات مریض مکمل تفصیل اور مختصرا جائزہَ

.................دوسری مرتبہ پرچی ضرور ساتھ لیکر آئیں۔۔۔۔دستخط معالج

---

ادویات ملنے کے پتے

شالیمار ٹاؤن ابوبکر بلاک کاہنہ نولاہور فون 0302-2107331/042-5004243(1)

المدنی خوشبو ہاؤس مسجد شہداماں روڈلاہور فون نمبر0300-4539522(2)

.خالد کلینک سیدوکے نارووال0306-6059396(3)

امتیاز کلینک روڈا بوگل۔0300-4617615

E.Mail:younas_1947@yaho.com/hott

# غذائی علاج۔

## اعصابی غدی۔(تر گرم)۔

صبح۔ مغزیات، حلوہ بادام۔ مربہ سیب۔ مربہ ادرک، دودھ، کھویا، سوجی کا حلوہ، کھجور۔ دوپہر۔ بھنڈی توری، پیٹھا، اروی، لسوڑہ۔ مولی۔ کدو۔ توری۔ مونگرے۔ گندم کی روٹی، ماش کی دال، گاجر، ٹینڈے دلیا، لوبیا، مونگ ثابت، جوی۔ گجریلا۔ سویاں، سوہن حلوہ، بسکٹ ڈبل روٹی، پیٹھے کی مٹھائی چربی، بادام روغن روغن بہروزہ۔ مغزیات، شربت چونا، گرئپ واٹر، ستوآب جو۔ شام۔ دوپہر والی غذا، پھلوں میں، کیلا امرود، ناشپاتی، خربوزہ، گرما، بگو گوشہ۔ خوبانی تازہ، سردا۔ آڑو، شہتوت، رس بھری، الائچی خورد۔

## اعصابی عضلاتی۔(تر سرد)

مندرجہ ذیل غذائیں اعصابی غدی تحریک ختم کرنے اور اعصابی عضلاتی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔ صبح۔ انڈے کی سفیدی، ساگوانہ، چاول، دودھ، دلیا دودھ ملا کر۔ مغزیات کا شیرہ مربہ گاجر دوپہر۔ بھنڈی توری، سری کا گوشت، چقندر۔ اروی، شلجم، کھیرا، ککڑی، گھیا توری، ککڑی۔ چکوترا، چقندر، بکرے، بھیڑ کا مغز، جو کا دلیا، سبز دھنیا۔ مکھن، کھویا، گلاب جامن، زیرہ سفید، گلاب، نیلوفر، گل سرخ کی چائے، حلوہ کدو، تربوز کے بیج شربت صندل، شربت، نیلوفر، کچی لسی، آئس کریم، کسٹرڈ، شربت بزوری گنے کا رس شام۔ دوپہر والی غذاء کھلائیں۔ پھل۔ کھیرا، مٹھا، فالودہ، قلفا۔ ککڑی، تربوز، انار شریں، خربوزہ پھیکا، پھٹ، سردا۔

## عضلاتی اعصابی (خشک سرد)

مندرجہ ذیل غذائیں اعصابی عضلاتی تحریک کو ختم کرنے اور عضلاتی اعصابی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔ صبح۔ مربہ آملہ۔ مربہ ہریڑ۔ مونگ پھلی۔ ناریل خشک۔ دہی کی لسی۔ قہوہ کشمش۔ سیب، انگور سبز، جامن،

سعد طبیہ کالج۔ دنیا کا علم

سنتگرہ، مالٹا، سیب، کنوں لمیوں فالسہ آلو بخارا، نار کھجور، تاہ ناریل سنگھاڑا۔ گوار کی پھلی، آلو، شکر قندی،، کچالو، ،شریفہ، جھنیگا مچھلی،، مونگ پھلی، پان کا پتہ، کڑھی، گری، تیل سفید و سیاہ، السی، املی،، باجرہ، موٹھ، پنیر، شربت فولاد، فانٹا، کوکا کولا، سپرائٹ، آرسی کولا، دھی بھلے، فروٹ چاٹ آلو چھولے دوپہر۔ آلو۔ گوبھی۔ مٹر۔ بینگن، تازہ چنے (سبز) بڑا گوشت، مکئی، باجرہ جوار، اچار لیموں۔ شام دوپہر والی غذا کھلائیں۔ پھل۔ کش مش۔ جامن، فالسہ ،سیب، مالٹا، کنوں، آڑو، کھٹے بیر، انار، املی۔ آلو بخارا

## عضلاتی غدی (خشک گرم)

مندرجہ ذیل غذائیں عضلاتی اعصابی تحریک کو ختم کرنے اور عضلاتی غدی تحریک پیدا کرنے کے لئے تجویز کی جاتی ہیں۔ صبح۔ اخروٹ۔ پستہ۔ کش مش۔ انگور، انجیر، مربہ خنطل انڈے فرائی، آملیٹ۔ لوکاٹ دوپہر چنے۔ مسور ۔انڈے، پالک، کریلے، ٹماٹر، کچنار، سرسوں کا ساگ، پیاز۔ لہسن۔ سرخ مرچ، شملہ مرچ، پیاز، پیاز کے پتے، سبز ٹماٹر، پالک، چھولئے کا ساگ۔ میتھی کا ساگ، لونگ دار چینی، چڑے کا گوشت، بٹیر، کباب، حلیم، رہو مچھلی، اوجھڑی ، پھیپھڑے، ٹماٹر کا سلاد، مکئی، چنے، مسور کی دالیں، لونگ کا تیل، انڈوں کا تیل، مچھلی کا تیل، یخنی چھوٹے جانوروں کا گوشت، پکوڑے۔ آم کا اچار، بیسنی روٹی لونگ۔ میتھی، ست لیموں، دار چینی، تیز پتہ۔ جائفل، جلوتری، لڈو، بیسن، پکوڑے شام کو دوپہر والی غذا

## غدی عضلاتی (گرم خشک)

ذیل کی اشیاء عضلاتی غدی تحریک ختم کرنے اور غدی عضلاتی تحریک شروع کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہیں ۔ صبح۔ انڈے۔ چلغوزے، چائے۔ میتھی، سرسوں ساگ، بطخ کا گوشت، بٹیر، تیتر، سنگ دانہ مرغ، اجوائین دیسی، سرسوں کا تیل، سانڈے کا تیل، تارا میرا کا تیل، روغن تارپین دوپہر۔ میتھی کا ساگ۔ ادرک۔ سبز

مرچ، بکری کا گوشت، مرغ بطخ اور تیتر کا گوشت، چنے ساگ، پالک۔شام کو دوپہر والی غذا کھلائیں۔ پھل۔آم خوبانی شہتوت۔

## غدی اعصابی (گرم تر)

ذیل کی اشیاء غدی عضلاتی تحریک کو ختم کرنے اور غدی اعصابی تحریک پیدا کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں صبح حلوہ بادام، سوجی کا حلوہ، بکری، اونٹنی، بھینس کا دودھ، اچھے کیک رسد وپہر۔ ٹینڈے، کدو۔حلوہ کدو، مرغابی کا گوشت، چھوٹے جانوروں کا گوشت دیسی گھی شلجم، ٹینڈے، مولی، آب وبرگ مولی، لہسن، ادرک، مولی کا نمک ،بتھوا، چولائی کا ساگ، پالک، سورج مکھی، مغز خربوزہ، مونگ کی دال، سویا بین، دال کلتھی، دلیا گندم، میدہ، ہلدی ،کالی مرچ، زیرہ، سنڈھ، سونف، الائچی، انڈہ کا حلوہ، روغن زیتون، روغن ارنڈ، جلیبیاں، نمکین بسکٹ، گلقند ،پودینہ کی چٹنی، مربہ ادرک، شہد کا شربت، شیزان، سیون اپ، بزوری، شربت بادام، شربت زنجبیل، گندم کی روٹی۔۔۔ پھل۔ میٹھاآم انگور، بادام۔ پپیتہ، خوبانی خشک، گنا، گنڈھیری، خربوزہ، اناس، گرما۔۔نوٹ۔جولوگ غذائی پرہیز نہ کرسکیں انہیں علاج کی زحمت اٹھانے کی ضرورت نہی۔ں کیونکہ ایسے لوگ اپنے ساتھ خلق خدا کو بھی دھوکہ دیتے ہیں۔والسلام

سعد طبیہ کالج۔۔دنیا کا علم

# تحقیق النبض

طب یونانی اور طب اسلامی میں نبض بنیادی اہمیت کی حامل ہے اور جو لوگ نباض کہلائے انہوں نے بہت زیادہ شہرت حاصل کی ہم لوگ انہیں کے پیروکار ہیں جن کی نسب کہا جاتا ہے کہ حکیم کا نباض ہونا ضروری ہے۔ مفرد اعضا طریق علاج میں نبضوں کو چھ (6) اقسام میں سمیٹ دیا ہے اگر ان چھ نبضوں پر کسی کو عبور حاصل ہو تو وہ ایک ماہر نباض حکیم کہلا سکتا ہے۔آیئے ہم ان چھ بنضوں کو ترتیب وار بیان کرتے ہیں!

### اعصابی عضلاتی (سرد تر) (1)

نبض گہری اور پتلی جو انگوٹھے کے نیچے دبانے سے دو انگلیوں تک قدرے موٹی اور تیز محسوس ہوتی ہے۔ معمولی سا دباؤ دینے سے دب جاتی ہے، قوام کے لحاظ سے نرم ہوتی اور پیشاب کی رنگت زردی مائل سفید ہوتا ہے اس پر جھاگ فوری طور پر ختم ہو جاتا ہے مریض کے چہرے کا رنگ زردی مائل سفید اور اس پر غیر محسوس ورم سانس میں حدت منہ کا ذائقہ کبھی تلخ اور کبھی کھاری ہوتا ہے نیند کی بیشی سے بے چینی کے ساتھ آتی ہے

### عضلاتی اعصابی (2):

یہ نبض اعصابی عضلاتی کے الٹ ہوتی ہے اور اس سے معمولی طویل ہوتی ہے اور دو سے ڈھائی تین انگل تک محسوس ہوتی ہے، ریاح سے پر ہوتی ہے۔ لمس کے لحاظ سے یہ نبض ہلکی گرم ہوتی ہے اور سخت ابھری ہوئی ہوتی ہے رفتار کے لحاظ سے تھوڑی سی تیز ہوتی ہے۔پیشاب کا رنگ ہلکا سرخی مائل اور مقدار میں اعصابی سے کم ہوتا ہے۔ جھاگ جلد بیٹھ جاتی ہے۔ وجود میں خشکی کا غلبہ ہوتا ہے۔

### عضلاتی غدی (3):

یہ نبض تین انگل طویل ہوتی ہے۔قدرے گرم رفتار میں تیزی ہوتی ہے۔پیشاب کا رنگ زردی مائل سرخ مقدار میں کم ہوتا ہے خارج ہوتے وقت ہلکی سی جلن۔پیشاب پر جھاگ بالکل نہیں ہوتا کبھی کبھی قارورہ کا رنگ سیاہ بھی ہوتا ہے۔عمومی علات۔سر کا بوجھل ہونا۔بے خوابی۔آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے۔نکسیر پھٹنا، ہونٹ پھٹنا۔تبخیر معدہ

غدی عضلاتی: (گرم خشک) (4)

نبض تین سے چار انگل تک محسوس ہوتی ہے بسا اوقات زیادہ تڑپ بھی محسوس کی جاتی ہے۔مقام کے لحاظ سے درمیانے درجے کی ہوتی ہے عضلاتی کی طرح نہ تو بالکل اوپر اور نہ اعصابی کی طرح بالکل نیچے درمیانی محسوس ہوتی ہے لمس کے لحاظ سے گرم اور رفتار کے لحاظ سے تیز تر ہوتی ہے۔پیشاب زرد رنگ مقدار میں کم آتا ہے۔زرد سرخی مائل انتہائی جلن کے ساتھ خارج ہوتا ہے عمومی علامات۔آنکھوں میں زردی اور چبھن سانس میں تنگی۔ہرے پیلے دست۔زرد رنگ کی قے، پیچپس۔نقرس۔سرعت انزال۔

غدی اعصابی: (گرم تر) (5)

نبض متوسط ہوتی ہے تڑپ تین انگلیوں کے نیچے محسوس ہوتی ہے قوام کے لحاظ سے نرم اور لمس میں انتہائی گرم محسوس ہوتی ہے۔غدی کی نسبت اس کی ضربیں کمزور ہوتی ہے رطوبت کی وجہ سے تھوڑی سی موٹی ہوتی ہے۔ سانس انتہائی گرم ہوتا ہے۔ناک صاف کرنے میں بڑی دقت ہوتی ہے۔چہرہ زرد اور متورم ہوتا ہے۔ بھوک بہت زیادہ ہوجاتی ہے مگر سینہ میں جلن ہوتی ہے جگر متورم ہوتا ہے۔عمومی علامات، سانس گرم ہونا۔منہ کا ذائقہ کڑوا، ہائی بلڈ پریشر۔سلسل البول۔کثرت طمث۔کانچ نکلنا۔گرمیکا بخار۔سوزاک۔

اعصابی غدی: (تر گرم) (6)

یہ نبض انتہائی گہری بڑی دقت سے انگوٹھے کی جڑ کے نیچے اپنی موجودگی ظاہر کرتی ہے لمس کے لحاظ سے گرم نہ سرد معتدل ہوتی ہے قوام کے لحاظ سے نرم جسمانی طور پر موٹی اور رفتار کے لحاظ سے سست ہوتی ہے۔ جسم پھولا ہو محسوس ہوتا ہے۔ بار بار زیادہ مقدار میں سفید رنگ ہلکا زردی مائل پیشاب آتا ہے۔ عمومی علامات۔ کھانسی کا دورہ۔ لو بلڈ۔ سنگ رہنی۔ بد ہضمی۔ شوگر پیشاب کی زیادتی۔ اختناق الرحم۔ رحم کا لٹک جانا۔ مردانہ انتشار کی کمی۔ سر درد۔ نسیان۔ کانوں سے غلیظ رطوبت کا اخراج۔ ذائقہ کا احساس نہ رہنا۔ مرگی کے دورے۔ پھپڑوں کا ستسقا۔

_______منگل ۲۴ مارچ ۲۰۰۹ 1:49:52

# علامات و نشانات

۔ایسے باتیں ہیں جن سے مرض کا پتہ چل جاتا ہے، ہم چھ تحریکوں کی علامات لکھتے ہیں تاکہ طبیب آسانی کے ساتھ مریضوں کو مفید ہدایات دے سکے۔

## اعصابی عضلاتی (تر سرد) کی علامات۔(1)

سر کی علامات۔ صداع بلغی/بارد۔ درد اُل، سکتہ۔ غفلت کی نیند۔ نسیان، ضعف دماغ۔ بے ہوشی، بائیں طرف کا فالج/لقوہ۔ زکام، کیرا، چکر آنا، بالوں کا وقت سے پہلے سفید ہونا۔

آنکھیں۔آشوب چشم۔ پانی آنا، پھولا، نگاہ کی کمزوری، شب کوری، سفید موتیا، اندھا پن۔ کان۔ کان کا درد، کان کے کیڑے، کا کا بہنا، بہرہ پن۔۔

ہونٹ، ہونٹوں کا برا ہونا، ناک۔۔ ناک سے پانی آنا، چھینکوں کی کثرت، بلغی زکام۔۔

منہ اور گلہ۔منہ کے سفید چھالے۔رال بہنا۔ گردن میں بل پڑنا، مشکل سے نگلنا۔ گلسوئے (کن پھیڑ)۔بطلان ذائقہ۔

زبان۔زبان کا سفید چھالے،لکنت،زبان کا بڑھ جانا،فالج سے زبان کا بند ہو جانا،دانت۔دانتوں کا درد۔دانتوں کا ہلنا۔دانتوں کا گرنا۔۔۔

حلق۔کوا گرنا۔اتسر خاء مری۔خنازیر۔گلہڑ

پھیپھڑے۔بلغی دمہ،بلغی کھانسی،کالی کھانسی،پھیپھڑوں کااستر خاء۔۔

دل۔دل کابڑھ جانا۔دل کی کمزوری۔دل کاڈوبنا۔دل کا کم حرکت کرنا۔لو بلڈ پریشر۔دل کی حرکت کابند ہونا۔

پستان۔دودھ کی زیادتی۔پستانوں کابڑھ جانااور لٹک جانا۔

معدہ آنتیں۔معدہ میں گڑگڑ ھٹ۔پرانے اسہال۔معدہ کا ٹھنڈا ہونا۔دست۔قے۔ہیضہ۔چھینکوں کی کثرت۔بدہضمی۔مسلسل قے۔کھانے کے بعد فورا پاخانے کی حاجت۔استسقا لحمی۔درد معدہ وامعاء۔سنگرہنی۔حاملہ کی قے اور متلی۔کوئلہ اور مٹی کھانے کی خواہش۔بغیر ارادہ کے پاخانہ نکل جانا۔کھانے کو طبیعت نہ کرنا۔

جگر طحال۔۔جگر کابڑھ جانا۔تلی کابڑھ جانا۔ضعف جگر۔خون کی کمی استر خاء مقعد۔

گردہ مثانہ۔۔ضعف گردہ ومثانہ۔سلسل البول۔بستر پرپیشاب کردیا۔پیشاب کی زیادتی پیشاب کا پانی کی طرح سفید بکثرت آنا۔

خصیہ۔ضعف خصیہ۔درد خصیہ،منی کاپتلا ہونا۔خصیوں کالٹک جانا۔منی میں جرثوموں کا کم یا بالکل نہ ہونا۔۔

عضو تناسل۔عضو کالمبا اور موٹا ہونا لیکن انتشار کا کم ہونا۔جریان۔نامردی۔

نسوانی علامات۔بندش حیض۔استرخاء رحم، لیکوریا۔اسقاط حمل۔پاگل پن۔گونگے بہرے بھینگے بچے پیدا ہونا بانجھ پن، لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہونا۔

بچوں کی علات۔سوکڑا۔کساج، دست لگنے۔بدہضمی۔ڈبہ۔مبارکی۔خسرہ۔

جوڑ۔جوڑوں کے درد۔بائیں طرف کی عرق النساء، اعصابی دردیں۔

جلد۔خسرہ چیچک، خنازیر، سفید پھنسیاں، برص احساسات کی شدت وہ بخار جن میں پیشاب کی رنگت سفید ہو۔محرقہ دماغی

## عضلاتی اعصابی (خشک سرد) (2)

سر۔خشک سردرد۔ریحی سردرد۔بے خوابی، مالیخولیا، دماغ کے کیڑے۔دائمی سردرد۔ تشنج۔فالج لقوہ دلیئں طرف۔صداع جماعی۔

آنکھ۔کان۔ناک۔سیاہ موتیا۔ناخونہ۔نگاہ کی کمزوری۔پتلیوں کا سکڑنا۔سوتے میں پلکوں کا رطوبت سے جڑنا۔گوہانجنی۔خارش۔پڑبال۔کان بجنا، کان کی خشکی، کان کا درد، بہرہ پن۔بند نزلہ۔ناک کی بواسیر، ناک کی خشکی۔

ہونٹ۔منہ۔زبان۔دانت۔ہونٹوں کا پھٹنا، بوسیر لب، ہونوٹوں کا ورم۔قلاع سوداوی۔زبان کا ورم۔زبان کا پھٹنا۔زبان کی خشکی۔سیاہیاں۔کیل مہاسے۔دانت درد۔دانتوں کا گندا اور کھٹا۔دانت پیسنا، دانتوں کا ریزہ ریزہ ہونا۔

حلق۔پھیپھڑے۔خناق۔مشکل سے نگلنا۔ہچکی۔کھانے کی نالی کا ورم۔سانس کی تنگی، نمونیا، پھیپھڑوں کا ورم۔سینہ کی جکڑن۔

جگر طحال۔ دل۔ جگر کا بڑھ جانا، کالا یرقان۔ دل سے دھواں اُٹھنا۔ خفقان، دل کا کینسر۔ درد دل۔ دل کا سکڑنا۔۔۔

پستان۔ پستانوں کا کینسر۔ پستانوں کی خارش۔ دودھ کی کمی۔ پستانوں کا سکڑنا۔

معدہ امعاء، مقعد۔ درد معدہ۔ نفخ معدہ، تبخیر۔ شدید قبض۔ قولنج۔ کینچوے۔ خارش اور کھچاوٹ معدہ۔ کابوس، تشنج معدہ، بواسیر بادی، ناف کا ٹلنا، اپنڈے سائیٹس خفیف۔ مقعد کی خارش، بھگندر۔

عضو تناسل۔ خصیہ۔ گردہ مثانہ۔ درد گردہ ریحی، پیشاب کا بند ہونا۔ خصیہ کی خارش۔ خصیوں کا سکڑنا، پتھری مثانہ و گردہ، درد/ورم خصیہ، احتلام۔ شادی شدہ کا لواطت کی طرف میلان عضو تناسل کا چھوٹا ہونا۔۔۔

رحم اور شرم گاہ۔ رحم کا خشک درد۔ شرم گاہ کی خارش۔ رحم کا سکرنا۔۔ رحم کے مسے۔ رحم کی پھنسیاں، اختناق الرحم۔ اٹھرا۔

جوڑ۔ بال جلد۔ ناخن۔ جوڑوں کا پتھرا جانا۔ گھٹیا، ریاحی دردیں، گ کمر درد، ایڑیوں کا درد بالچر، بفہ خشکی، بھوسی اترنا۔ خارش۔ داد چنبل۔ سرطان، جلد کا پھٹنا۔ جلد سے چھلکے اترنا گڑ نکلنا، رسولیاں۔ جذام۔ میعادی بخار۔ (ٹائیفائیڈ) ناخن پھٹنا، ناخن پیلا ہونا، ناخن بیٹھ جانا

## عضلاتی غدی (خشک گرم) (3)

سر۔ صداع معدی۔ مالیخولیا مراقی۔ نچلے دھڑے کا فالج۔ بے خوابی شدید۔ جنون دائمی۔ درد شقیقہ و عصابہ دائیں طرف۔ تشنج

آنکھ، پلکیں۔ آنکھ کا خونی حلقہ، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے، آنکھوں کا اندر دھنس جانا۔ پلکوں کے بالوں کا اڑ جانا، پلکوں کی خارش۔ چم جوئیں۔

کان ناک منہ ہونٹ دانت۔کان کا درد، کن پیڑے،کان سے خون بہنا،کان شائیں شائیں کرنا،کان کی خشکی، بند نزلہ، نکسیر آنا، ناک کی بواسیر۔ہونٹوں کا ورم، لبوں کی خشکی، لبوں کا پھٹنا۔زبان سکڑنا،زبان کی خشکی۔منہ پکنا،ماسخورہ۔مسوڑوں کا ورم۔حلق اور خوراکی نالی کی خشکی،آواز بیٹھنا،خناق، ہچکی،زبان کا کینسر۔

پھپھڑے۔دل۔پستان۔اختلاج قلب۔ورم ازن القلب۔دل کا سکڑنا،دل کا سوراخ۔ورم قلب۔درد دل۔پستانوں کا چھوٹا ہونا، عورت ہیں دودھ کی کمی۔دایئں پستان کا ورم۔پستانوں سے خون آنا اور چھوٹا بڑا ہونا۔معدہ آنت، مقعد۔ورم معدہ، معدہ کی جلن، ناف کا ٹلنا،خونی قے واسہال، بواسیر خونی،ورم مقعد اپنڈے سایئڈ،السر مودہ۔بھوک کانہ ہونا۔تبخیر معدہ۔ناسور مقعد۔

رحم۔کثرت حیض،زخم رحم،اٹھرا کینسر رحم۔۔

جگر طحال۔جگر بڑھ جانا،صفراء کمی۔ورم جگر، جگر کی اختلاجی کیفیت۔جگر کا پتھرا جانا۔

گردہ مثانہ عضو خصیہ۔درد گردہ بوجہ تیزابیت۔خونی پیشاب۔کجی قضیب۔ورم خصیہ۔ خصیہ کا سکڑ جانا۔عسر البول،پراسیٹ گلنڈر کا بڑھ جانا۔احتلام۔جلق۔اغلام انتشار کی شدت۔

رحم۔کثرت حیض۔زخم رحم،اٹھرا،کینسر رحم۔

جلد اور جوڑ۔۔القرسی دردیں۔دایئں طرف کی ٹانگ گھٹنے اور ایڈی کا درد۔رعشہ۔خشک خارش۔ہلکی ہلکی حرارت کا رہنا۔

## غدی عضلاتی (خشک گرم) (4)

سر۔صداع صفراوی۔سرسام صفراوی۔چہرہ کا ورم۔شقیقہ بایئں طرف۔غشی۔ہذیان، کم عمری کا نسیان۔چکر آنا۔درد عصابہ، جنون

۔آنکھ ۔کان۔ ہونٹ، منہ گلہ۔ پپوٹے کا ورم، ناسور آنکھ، پپوٹے کا ورم، درد آنکھ بوجہ صفرا، یرقان کی زردی، کان کی سوزش، قرحہ و ناسور اور کان کی پیپ۔ لبوں پر صفراوی چھالے منہ میں صفراوی چھالے غشائے مخاطی میں ورم۔منہ کے چھالے۔

پھیپھڑہ۔غدی دمہ۔ پھیپھڑوں کا ورم۔ پھیپھڑوں میں پانی پڑنا۔ پھیپھڑوں کی جلن۔صفراوی کھانسی۔ ضیق النفس کبدی۔ سل۔

جگر پتہ۔ سوزش جگر۔سدہ جگر، یرقان۔ سوء القنیہ، ہاتھ پاؤں کی جلن۔ سینہ کی جلن۔درد جگر۔کمزوری جگر ورم /درد/ پتھری پتہ۔اماس جسم۔

دل۔ضعف قلب۔دل کی گھبراہٹ۔ غشی۔ دل کا پھیل جانا۔غلاف دل کی سوزش۔لو لگنا۔

معدہ۔آنت۔ مقعد۔ صفراوی قے، معدہ کی جلن۔معدہ کی کمزوری پیچپس کانچ نکلنا، مقعد کے زخم، کدو کیڑے۔السر معدہ۔

گردہ مثانہ عضو مخصوصگردہ کا درد۔مثانہ میں جلن۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنا، سرعت انزال، انتشار کے ساتھ امساک میں کمی۔ گردہ کی پتھری۔ تنگی پیشاب، سوزاک، خصیہ میں پانی بھر جانا۔زہریلا پیشاب۔

نسوانی علامات۔ورم اور خروج رحم، تنگی حیض۔پستان کا گرم ورم پستان کا گرم پھوڑا۔ دودھ کی کمی۔رحم میں جلن۔رحم میں زخم۔زچگی کی دیوانگی۔اختناق الرحم زچہ کی ٹانگ کا سفید ورم۔استسقائے رحم۔

جوڑ اور جلد۔وجع المفاصل صفراوی جوڑوں کا سوجھنا، صفراوی خارش۔ جلد کا پیلا پڑنا۔

## غدی اعصابی (گرم تر) (5)

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم

سر۔آنکھ۔ناک۔عام سر درد۔ عصبی درد۔سرسام۔نزول الماء فی العین۔آنکھ کی پتلی کا پھیل جانا،ناسور چشم۔غدی نزلہ۔

منہ زبان۔حلق پھیپھڑیمسوڑوں کا ورم۔منہ کے جلن دار چھالے۔استر خاء لسان ذات الجنب۔بایئں طرف سوزش مری۔نگلنے میں دقت۔سعال کبدی۔چہرے کا خونی ورم۔دل جگر پستان۔شدید ضعف قلب۔دل کا پھیل جانا۔ہائی بلڈ پریشر۔پستان کی سوزش۔بائیں پستان کا سکڑنا یا اس کا ورم۔جگر کا درد/ورم۔چہرہ کا خونی ورم۔

معدہ،آنت۔ گردہ مثانہ۔مزمن پیچپس۔توں آنا۔ورم امعاء۔سوزاک۔صفراوی قے۔پیشاب کی جلن، بایئں گردے میں درد۔آنتوں کا ورم۔مثانہ میں جلن۔جوع البقر

عضو تناسل خصیہ۔رحم۔سرعت انزال۔ضعف باہ۔سوزاک۔بایئں طرف کجی قضیب۔بائیں خصیہ کا درد۔بائیں خصیہ کا سکڑ جانا۔رحم کی سوزش۔خصہ الرحم سوزش، تنگی حیض،رحم باہر نکلنا،رحم کا درد، جلن کے ساتھ۔کانچ نکلنا،چنونے۔

جلد۔حمیات۔ناسو ہر قسم۔چھپاکی صفراوی زرد رنگ کی اور جلن دار پھنسیاں۔انتڑیوں کی سوزش کا بخار۔طاعون کا بخار۔

## اعصابی غدی(تر گرم)(6)

سر آنکھ،کان،ناک۔سر گھومنا،مرگی۔ام الصبیان۔کتے کاٹے کا جنون۔آشوب چشم،سرد ہوا سے آنکھوں میں پانی آنا۔اونچا سننا۔کانوں میں کسی چیز کا پھنسا ہوا محسوس ہونا اور کانوں کا بھاری پن۔ناک سے گرم رطوبت کا گرنا،قوم شحمہ کی کمی،ناک کے کیڑے۔

منہ زبان۔ پھیپھڑہ،پستان، دانتوں کا بڑھنا،منہ سے گندی بوآنا،پیاس،زبان کا پھول جانا ذائقہ جاتے رہنا، کوا پھولنا، سینہ کی گھٹن، جلن دار کھانسی۔ میٹھی بلغم آنا۔ پھیپھڑوں کا استرخاء ۔پستان کا بڑھ جانا۔ دودھ کی کثرت۔

دل۔ضعف قلب بلغی، عضلات جسم کا پھول جانا، دل کا پھول جانا۔پستانوں کا بڑھ جانا،

معدہ آنت، جگر طحال۔ بھوک بند ہونا، سنگ رہنی، بند ہیضہ، مروڑ کے ساتھ دست آنا، ضعف جگر، طحال کا بڑھ جانا۔

گردہ مثانہ، عضوتناسل، رحم۔ ذیابیطس، رات کو بستر پر پیشاب کردینا، ضعف گردہ۔ لیکوریا، اختناق الرحم، رحم کا باہر نکل آنا، بندش خون حیض، جریان منی، جوڑ۔ بخار، وجع المفاصل بلغی، عرق النساء دائیں طرف۔ خسرہ، تورکی ۔جدری۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سعید فارمیسی کے وہ نسخہ جات جو قدیم وراثت اور جدید تحقیق کا نچوڑ ہیں یاد داشت کے لئے ہم نے کمپوز کردئے ہیں تاکہ یہ امانت آگے منتقل ہوسکیں، یہ نسخہ جات بلا کم وکاست اسی طرح ہیں ان کی ترتیب و تیاری کے تمام مراحل اور ان کے استعمال و فوائد بھی ساتھ درج کردئے ہیں تاکہ بنانے اور استعمال کرنے میں کسی قسم کا کوئی تردد نہ رہے ۔سعد فارمیسی میں تیار ہونے والے نسخے ہر طرح سے ہربل ہونگے اور ان کی تیاری میں ان تمام طبّی اصولوں کو مد نظر رکھا جائیگا جو اساتذہ کرام نے مقرر کئے تھے۔ دیسی/ہربل ادویات کے بارہ میں عمومی طور پر یہ خیال پایا جاتا ہے کہ یہ دیر میں اثر کرتی ہیں ؟ایسی بات ہر گز نہیں ہے اگر حاذق و کامل اور اپنے فن پر عبور رکھنے والا موقعہ سناش طبیب ہو تو دیسی ادویات بلا کسی نقصان کے زیادہ موثر اور امراض کو دبانے والی ہونے اور بتدریج امراض کا خاتمہ کرنے والی ہوتی ہیں۔البتہ یہ بات حق بجانب ہے کہ یہ فن ایسو لوگوں کے نرغے میں گھرا ہوا ہے جو تحقیق وتدقیق کی بجائے لیکر کے فقیر بننا زیادہ پسند کرتے ہیں۔اگر اتفاقاً انہیں کوئی نئی بات مل بھی جائے تو ساری زندگی انکا حوصلہ نہیں ہوتا کہ اسے بطور نسخہ متعارف کرائیں اور سب سے بڑا حجاب یہی ہوتا ہے کہ اس یہ نسخہ اسکے ذہن میں آیا ہے کسی حکیم طبیب سے منقول نہیں ہے۔سعید فارمیسی جہاں قدیم اساتذہ فن کے جواہر پاروں کو پیش کریگی وہیں پر جوان اور قابل حکماء کے تحقیقی کام کو بھی افادہ عوام کے لئے پیش کریگی۔ہم اپنی اس بیاض کو کچھ اس انداز میں ترتیب دیں گے کہ سرسری طور پر وہ نسخہ جات ذکر کردئے جائیں ہماری فارمیسی میں تیار ہوکر اطراف و کنایات میں ترسیل کئے جائیں گے۔یہ ایک ایسی بیاض ہوگی جو ہر اس آدمی کو ارسال کردی جائیگی جو سعید فارمیسی کی ادویات کو خرید وفروخت میں دل چسپی رکھتا ہو بالخصوص ایسے حضرات کو جو اپنا مطب چلاتے ہوں تاکہ بروقت تشخیص اور نمودار ہونے والی علامات پر قابو پایا جاسکے۔فارمیسی کی طرف سے طب اسلامی میں رائج تمام اقسام نسخہ جاتا کو تیار کیا جائیگا۔مثلاً گولیاں۔ معجونات۔شربت۔خمیرہ جات۔سرمہ۔سفوف۔کشتہ جات وغیرہ۔۔۔

نسخہ جات کو ''معالج'' کا نام دیا جائیگا جیسے دماغ کے متعلق نسخہ کو معالج دماغ۔دل کے متعلقہ نسخہ کو ''معالج دل ''اور جگر کے متعلقہ نسخہ کو ''معالج جگر کا نام دیا جائیگا۔علامات اور کیفیات کی وجہ سے انہیں درجہ بدجہ 1-2-3 درجات میں تقسیم کردیا جائیگا۔یہی انسانی وجود کی اصل واساس ہیں اور حقیقی طور پر یہی بیمار ہوتے ہیں پورے وجود میں انہیں کے بگاڑ اور بیماری کی علامات کا ظہور ہوتا ہے۔اس کے باوجود وجود میں کچھ علامات اتنی شہرت پاچکی ہیں جو خود ایک بیماری کے نام سے مشخص کی جاتی ہیں۔یہی تمام نسخہ جات وہی ہیں جو صدیوں سے سینہ بسینہ چلے آئے اور ہم تم پہنچے اور ہماری وساطت سے افادہ عوام کی خاطر یہی نسخہ جات تیار حالت میں عوام الناس کی دہلیز تک پہنچادئے ہیں،ہر نسخہ کو مکمل طور جانچ پرکھ اور پوری دیانت داری اور طبّی اصولوں کے مطابق تیار کیا جاتا ہے اور ہر تیار شدہ نسخہ کے اجزائے ترکیبی ساتھ درج کردئے ہیں اگر کوئی بنانا چاہے تو میدان عمل باہیں کھولے اس کا استقبال کریگا مگر کچھ لوگ اس جھنجھٹ میں نہیں پڑنا چاہتے یا وہ اس کی ہمت نہیں پاتے ان کے لئے ہماری محنت حاضر خدمت ہے۔روزی نسخوں میں نہیں ہوتی البتہ بخل عام ہونے کی وجہ سے لوگ اس کی ہمت نہیں کرپاتے کہ اصل نسخہ کو منظر عام پر لاسکیں۔کاروبار تو ایک کشکول ہے جو یہ اُٹھالیگا رحمت ایزدی اس کا دامن مالامال کردیتی ہے۔وہ ذات وسیلے کی محتاج نہیں لیکن قانون یہی ہے کہ روزی کا وسیلہ کیا جائے۔میدان عمل میں جو بھی اتریگا کامیابی اس کی طرف باہیں پھیلائے استقبال کے لئے دوڑے گی۔سعد فارمیسی میں جوان خون مصروف تحقیق ہے عزم جواں کے رواں دواں ہیں۔جدید تحقیق قدیم روایات کا حسین امتزاج۔خدمت انسایت کے جذبہ سے شرشار جوان حکماء بزرگوں کی راہنمائی میں نئی تاریخ ڈھالنے میں مصروف ہیں۔اس گرانی کے دور میں جب ہر دماغ صرف تجارتی بنیادوں پر سوچنے کا عادی ہوچکا ہے۔سہل الحصول کم خرچ اور دستیاب اجزاء سے مرتب کردہ نسخہ جات حاضر خدمت ہیں جو تمام تر اخرجات کے باوجود عوام کے دسترس میں ہیں۔دراصل سعد فارمیسی حکماء کے ایک بورڈ کا نام ہے جہاں باہمی مشاورت سے نت نئی رونما ہونے والی بیماریوں کے متعلق اور حالات جدیدہ میں پیش آمدہ پیچیدہ اور عیسر العلامات امراض کو کم خرچ بالانشین کے مقولہ پر عمل کرتے ہوئے خدمت خلق میں مصروف عمل ہیں۔نسخہ جات حاضر خدمت ہیں جن میں روزمرہ استعمال ہونے والی اشیاء استعمال کی

جاتی ہیں تاکہ ہر قسم کے نقصان دہ پہلو سے بچا جاسکے۔

وماتوفیقی الا باللہ العلی العظیم۔

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم

# مفرد اعضاء طبّی فارما کوپیا۔

اعصابی کھار۔ }

شورہ قلمی۔2 حصہ۔نوشادر 2 حصہ۔کالی مرچ 1 حصہ۔سفوف بنالیں۔ایک ایک ماشہ صبح دوپہر شام۔اعصابی غدی ہے۔پیشاب کا جلاب ہے۔

{حب انقلاب}

ہوالشافی سہاگہ بریاں 1 تولہ ست ملٹھی 1 تولہ سقمونیا1 تولہ ریوند عصارہ 1 تولہ سفوف کرکے حبوب نخودی تیار کریں ایک تا دو گولی دن میں چار بار ہمراہ آب نیم گرم۔غدی اعصابی ہے جسم سے صفرا کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے استسقاء یرقان دردپتہ درد گردہ ومثانہ سوزش مثانہ ریاحی دردیں بندش بول درددل نفث الدم اور کثرت طمث وغیرہ میں اعلی درجہ کی چیز ہے اسکی چند خوراکیں ہی اپنا اثر دکھا دیتی ہیں

حب شفاء }

۔مٹھاتیلیا10 گرام۔اجوائن خراسانی20 گرام۔اسگند40 گرام۔سرنجاں شریں40 گرام۔سوڈا سلی سلاس 40 گرام ۔چھوٹی چندن 40 گرام۔حبوب نخودی بنالیں 2 گولی صبح۔دوپہر۔شام۔اعصابی غدی ہے،بلڈ پریشر،غدی سوزش وغیرہ کے لئے۔

غدی اعصابی ہاضم۔ }

۔ہوالشافی۔سنڈھ 1 تولہ۔مرچ سیاہ 1 تولہ. فلفل دراز 1 تولہ۔نوشادر ٹھیکری 1 تولہ۔پودینہ باغی 2 تولہ۔گندھک آملہ سار 4 تولہ۔سونف 4 تولہ۔میٹھا سوڈا 4 تولہ۔

نمک خوردنی 12 تولہ۔ ریوند خطائی 4 تولہ۔ سب ادویات کا سفوف بنالیں۔ 1 تا 4 رتی دن میں چار بار۔ غدی اعصابی۔ ترش ڈکاریں، پیٹ میں ہوا کا گولہ، ریاح تبخیر، بدہضمی اور پیٹ درد، بھوک نہ لگنا، قبض، خارش، احتلام مزمن بوجہ ضعف معدہ کے لئے مفید ہے۔

## اعصابی عضلاتی روغن

۔ہوالشافی۔ میٹھا تیلیہ ایک تولہ۔ کافور دو تولہ۔ کسٹرائل بیس تولہ۔ میٹھا تیلیہ چورہ کرکے کسٹرائل میں پکائیں جب سیاہی مائل ہوجائے چھان کر اس روغن میں کافو ملائیں اور تھوڑی دیر دھوپ میں رکھدیں کافور اس میں حل ہوجائیگا۔ اب اس روغن کو محفوظ کرلیں۔ افعال واثرات۔ عضلاتی تحلیل سے سکڑے ہوئے عضلات جو سوکھ جاتے ہیں اس روغن کے استعمال سے رطوبات صالحہ پیدا ہوکر انکی نشو ونما میں مددگار ہوتا ہے اعضاء اپنی اصل شکل میں آجاتے ہیں۔ آگ سے جلے ہوئے۔ آگ سے جلے ہوئے کے لئے اس میں چونے کا مقطر پانی شامل کرکے کھرل کرلیں یہ سفید قسم کا ایملشن بن جاتا ہے جو جلے ہوئے کے لئے، بے حد مفید ہے۔

## حب مقوی خاص۔

ہوالشافی۔ مرچ سیاہ 12 تولہ۔ کشتہ کچلہ 4 تولہ۔ رائی 12 تولہ۔ کشتہ فولاد 2 تولہ سنکھیا 3 ماشہ۔ باریک کرکے حبوب نخودی بنالی۔ ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ قہوہ لونگ اور دار چینی۔ عضلاتی غدی مقوی ہے نزلہ ریشہ بلغی کھانسی میں منٹوں میں اثر کرنے والا نسخہ ہے۔ جب دل ڈوب رہا ہو جسم ٹھنڈا ہو رہا ہو گھبراہٹ ہو اعصابی دردیں زوروں پر ہوں تو یہ نسخہ مسیحائی کا کام کرتا ہے۔ جگر کو تقویت دیکر ڈھیروں خون پیدا کرتا ہے اور غذا کو جزوے بدن بناتا ہے۔

## پتھری توڑ }

،ہوالشافی۔سنگدانہ مرغ۔میٹھا سوڈا، نمک طعام، ہموزن۔سفوف کرلیں۔غدی اعصابی ہے۔تیزابی وعضلاتی پتھریوں کیلئے تحلیل و خارج کرنے کے لئے موئثر نسخہ ہے۔علاہو بد ہضمی، ریاحمعدہ، ہرنیا قبض مزمن کے لئے موئثر دواہے۔

تریاق جگری۔

ہوالشافی۔زنجبیل 10 گرام۔نوشادر 10 گرام۔مرچ سیاہ 10 گرام۔ثنا مکی 30 گرام۔ریوند عصارہ 8 گرام تمام ادویات کو سفوف بنالیں، غدی اعصابی ہے۔غدد جگر کو مشینی انداز میں تحریک دیتی ہے۔اندرونی و بیرونی ورموں کی ریاق صفت دواہے، پتہ مثانہ گردہ کی پتھریوں کو پگھلا کر خارج کرنے کے لئے حددرجہ مفید دواہے اور درد پتہ ،سوزش جگر، عظم الطحال، اماس استسقاکا تریاق ہے۔۔۔

تریاق جگری 2 {

ہوالشافی، سہاگہ، نوشادر، تخم مولی، زیرہ سفید، ہموزن لیکر سفوف بنالیں یا حبوب نخودی بنائیں، ایک سے دو گولی ۔غدی اعصابی ہے۔صفرا جسم کے کسی حصہ میں رکاہوا ہواسے خارج کرنے میں کمال صفت ہے مثلاََ اماس ہو یا استسقا یا پتہ مثانہ گردہ میں بنی پتھری کو خارج کرتا ہے۔اپنے معاملات میں اکسیر صفت ہے

حب السلاطین۔ {

۔ہوالشافی۔جمال گوٹہ 1 حصہ۔شنگرف 2 حصہ۔کشتہ کچلہ 4 حصہ۔گندھک آملہ سار 8 حصہ. رائی 8 حصہ۔باجرہ کے دانہ کے برابر گولی بنائیں۔مصفیات کا سرتاج ہے، عضلات کو مشینی تحریک دیتا ہے اور سوداوی مواد کو اپنے طبعی راستوں سے خارج کرتا ہے جسم صاف ہو کر کندن کی طرح شنگرفی (سرخ) رنگ ہو جاتا ہے، چہرہ سے کیل مہاسے تو کیا جنسی اعضاکے تمام نقائص بھی دور کردیتا ہے نامرد سے مرد بنانا اس کا ادنی کرشمہ ہے۔طلاء کے لئے ویزلین شامل کرکے عضو پر مالش کریں نقائص دور ہونگے

## سوزاکی۔

۔ہوالشافی۔ شورہ قلمی۔پوست ریٹھہ،جو کھار،زیرہ سفید ہمون۔مقدار کو باریک کرلیں 2 گرام سے 5 گرام ہمرا کچی لسی۔اعصابی عضلاتی ہے، تقطیر البول۔پیشاب کا جلن کے ساتھ آنا،سوزش نئی ہو یا پرانی کا دشمن ہے مریض کا پیشاب فوراَ کھل کے اور بغیر جلن کے آنے لگتا ہےپیپ کے صاف کرنے اوزخم کو دھونے میں اعلی مقام رکھتا ہے ۔

## حب ڈبہ اطفال۔ }

۔ہوالشافی۔جمال گوٹہ 1 حصہ۔نیلا طوطیا نصف حصہ،نمک خوردنی 12 حصہ۔سہاگہ 12 حصہ سب کو ملا کر باریک پیس لیں۔آدھی سی ایک رتی تک ہمراہ گرم دودھ یا لونگ دار چینی کا قہوہ کھلاتے ہی قے یا دست آجائے گااور بچہ چند منٹوں میں کھیلنے لگے گا یا سوجائیگا۔جب ایک بار قے یادست آجائے توپھر نصف وزن کردیں تاکہ بچہ بار بار قے یا پاخانہ سے کمزور نہ ہوجائے۔

## چھپاکی۔ }

۔ہوالشافی۔پوست ریٹھہ،شورہ قلمی،زیرہ سفید،ناگ کسیر ہم وزن،حبوب نخودی بنالیں 2.2 رتی دن میں چار بار ہمراہ عرق گاؤزبان عرق گلاب۔تازہ چھپاکی کے لئے ایک دوخوراک ہی کافی ہیں جب کہ مزمن کے لئے ایک دو ہفتہ کھلائیں

## اکسیر چنبل۔ }

۔فقیری دوا۔ہزاروں بار کا مجرب و بے خطا نسخہ جس کے لگانے سے چنبل لازمی طور پر دور ہو جاتی ہے

۔ہوالشافی۔نوشادر دیسی 3 تولہ کشتہ جست 1 تولہ۔دونوں کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پے پگھلائیں جب پانی بن جائے تو ٹھنڈا ہونے باریک پیس لیں کپڑا چھان کرکے محفوظ کرلیں۔پانی سے رگڑ کر لگاتے رہیں۔چنبل ختم ہوگا۔

## چنبل کا عجیب و غریب نسخہ۔}

۔ہوالشافی۔چنبل کے مقام پر دہی ڈال کر کتے سے چٹوانا چند یوم ایسا کرنے سے مکمل آجائے گا۔

شوگر ہوالشافی۔مغز کرنجوہ پانچ تولہ۔آملہ خشک پانچ تولہ۔پھٹکڑی بریاں پانچ تولہ کشتہ گاؤدنتی پانچ تولہ۔سب ادویات باریک سفوف کرکے ایک ایک ماشہ کی چار خوراکیں دن میں چار بار سبز قہوہ یا گرم پانی سے استعمال کریں۔افعال واثرات۔تپ محرقہ اسہالی کالی کھانسی۔دل ڈوبنا اور شوگر کے لئے حکمی دوا ہے۔معین حمل ہے۔ نمونیہ میں استعمال ممنوع ہے۔بلغی امراض میں بہترین نسخہ ہے۔

## شوگر۔۔۔

ہوالشافی۔شنگرف 12 گرام۔سم الفار سفید 12 گرام۔پیپل 12 گرام۔پچھناک مدبر 12 گرام۔کنجد سفید 12 گرام افیون اصلی 12 گرام ادرک کا پانی ایک بوتل ترکیب تیاری:سب ادویات کو باریک کرکے اس میں آب ادرک کو جذب کرائیں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔مقدار خوراک:ایک گولی صبح نہار منہ ایک کا بتایا ہواvc گلاس دودھ کے ساتھ اگر گرمی محسوس ہوتو دودھ کی مدار زیادہ کردیں۔]یہ ایک سندھ طبیہ کالج کے ہے۔

## دیگر شوگر چیچک پھنسی وغیرہ کے لئے

۔محلول سم الفار دس قطرے۔پتری فولاد ایک تولہ۔ہلیلہ سیاہ بریاں دس تولہ۔سب کو باریک پیس کر بعد میں فولاد پتری شامل کریں جب دوا انتہائی باریک ہو جائے تو محلول سم الفار شامل کریں بے حد تیز ہے احتیاط سے استعمال کریں افعال واثرات۔بلغی امراض میں بے حد فائدہ مند ہے خصوصاً جریان شوگر اور خون کی کھاری رطوبات سے جسم پر پھوڑے پھنسیاں چیچک وغیرہ کے لئے فائدہ مند ہے مناسب ہے کہ سم الفار محلول کا نسخہ بھی لکھدیں ۔ھوالشافی۔سم الفار ایک ماشہ۔سوڈا بائی کارب دس تولہ دونوں کو خوب کھرل کرلیں اور ایک پائو کھولتے ہوئے پانی میں چمچ سے حل کریں جب محلول بن جائے تو اس محلول کے دس قطرے اس دوا میں شامل کریں۔

قطور

۔ھوالشافی۔پھٹکری تین ماشہ۔کافور تین ماشہ۔رسونت انڈیا ایک تولہ سب ادویات کو ایک بوتل عرق گلاب میں حل کریں اور چھان کر محفوظ کرلیں جب گرد و غبار بیٹھ جائے تو ڈراپر میں بھرلیں فوائد عضلاتی سوزش اور جن مریضوں کی آنکھوں کے کونے زخمی ہوں یا آنکھوں سے پانی آتا ہو یا سوزش کی وجہ سے آنکھیں دکھتی ہوں۔نظر کمزور ہو اور روشنی برداشت نہ کر رہی ہوں اس دوا کے دو قطرے آنکھوں میں ٹپکا دیں۔اگر ایک اونس گلسرین اور ایک تولہ اس دوائی سے لیکر ملالیں تو کان کی پھنسیوں اور کان کی خشک تکالیف ،کان کے زخم کے لئے روئی کی مدد سے کان میں لگایئں۔

قطور۔

۔ھوالشافیکافور تین ماشے۔سہاگہ دو ماشے۔گلسرین دو اونس۔سب ادویات کو کھرل کرکے محفوظ کرلیں فوائد اور دھوپ کی شدت سے آنکھوں کی سوزش ویلڈنگ کی چمک سے آنکھوں کی سوزش اور ورم اسی طرح تیز تر دوا کی تیزابی اثرات کی حالت میں یہ دوا رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگا کر مریض کو سلادیں انشاء اللہ تین بار کے لگانے سے اثرات بد ختم ہو جایئں گے۔

## فولادی اکسیر۔

۔ہوالشافی۔کشتہ فولاد۔ کچلہ مدبر۔ سم الفار۔یہ تین اشیاء ایسی ہیں جوانسانی خون کی گردش کو اعتدال پر رکھتی ہیں اور بڑے بوڑھوں کے لئے اکسیری صفات کی حامل ہیں۔اور جوانی کی راتوں کا سہارا ہیں جوڑوں کے درد۔ پھیپڑوں کا کھچاؤ۔آکسیجن کی کمی۔ نمونیہ۔اور سردی سے ہونے والے امراض میں بیحد مفید دوا ہے۔ کھائے پیئے کو انگ لگاتی ہے۔ محلول سم الفار کا نسخہ تو سطور بالا میں نقل ہو چکا ہے۔مناسب معلوم ہوتا ہے کہ محلول کچلہ کا نسخہ بھی درج کر دیا جائے۔۔ کچلہ ایک تولہ کو آدھا کلو پانی میں بھگوئیں اور ایک پہر تک بھیگا رہنے دیں بعد میں اسے پکا کر دس تولے پانی حاصل کریں اور اس میں دس اونس گلسرین شامل کریں یہ محلول کچلہ ہے

## سفوف ازراقی۔

۔کچلہ مدبر باریک پیسا ہوا ایک حصہ ۔کھانڈ دانہ دار ایک ہزار حصہ ۔ کچلہ کو کھانڈ میں ملا کر کھرل کرتے جائیں اور ملاتے جایئں اور تمام کھانڈ ختم کر دیں بس تیار ہے۔فوائد عصبی امراض مثلاََ کزاز۔درد کمر۔ تشنجی کھانسی دمہ کے ساتھ معدہ وامعاء کے امراض مثلاََ کمی بھوک نفخ ہیضہ کبھی دست اور کبھی قبض۔پاخانہ کی حاجت رہنا وغیرہ میں نہایت اکسیر ہے۔اس کے علاوہ دماغی عوارضات۔مثلاََ پچھلی رات کو نیند نہ آنا۔غصیلا پن۔شور و غل سے نفرت وغیرہ بھی اس کے استعمال سے رفع ہو جاتے ہیں دو سے چار رتی یومیہ پانی کے ساتھ بعد از غذا۔[ نایاب ]

## محلول گندھک آملہ سار۔

۔چونا ایک پائو۔لائم واٹر ڈیڑھ کلو حاصل کریں اور سجی ایک پاؤ بھگو کر اس کا حاصل شدہ پانی ڈیڑھ کلو اور ان بجھ چونا ایک کلو۔پہلے چونے کو باریک پیس کر پھر گندھک آملہ سار دس (10) تولے لیکر اسے باریک کرکے آدھا باریک شدہ چونا اوپر اور آدھا گندھک کے نیچے کسی لوہے کے برتن میں رکھدیں اور آگ پر رکھدیں اور اس برتن کو ہلکی ہلکی آگ لگایئں جب زرد رنگ کا دھواں نکلنے لگے تو دونوں پانی ملا کر اس برتن میں دال دیں اور ہلکی آگ پر

پکائیں جب پانی کارنگ زرد ہو جائے اور مقدار میں آدھا کلورہ جائے تو اس برتن کو ٹیڑھا کرکے رکھدیں جب پانی نتھر جائے تو سنبھال کر رکھدیں یہ محلول گندھک ہے۔یہ غدی امراض میں بہت کام کی چیز ہے غدی کھانسی نزلہ ٹی بی کے مریض کو ملک شیک میں دو تین قطرے ڈال کر پلانے سے بہت گہرے اثرات سامنے آتے ہیں صفراوی بخار خونی پیچس میں کسی ٹھنڈی چیز میں ملا کرا سے استعمال کرانے سے بہت اچھے نتائج سامنے آتے ہیں۔مثلاً ہم ایک شربت کانسخہ لکھتے ہیں: کدو سبز کا جوسر کی مدد سے تین پائو پانی نکالیں اور ڈیڑھ کلو چینی کا شربت بنائیں اور اس میں محلول گندھک کے بیس قطرے ملا کر بوتلوں میں محفوظ کرلیں۔ فوائد یہ شربت غدی چھپاکی۔دمہ۔غدی نزلہ۔اور غدی کھانسی کے لئے بہت مفید ہے صفراکی..

حدت وسوزش کو ختم کرتا ہے بہت مجرب کامیاب نسخہ ہے

## کف سیرپ۔

۔ہوالشافی۔برگ بانسہ 100 گرام ملٹھی100 گرام نوشادر 10 گرام۔سوڈا بائیکارب 25 گرام ست پودینہ 2 گرام۔چینی ڈیڑھ کلو۔ترکیب تیاری۔برگ بانسہ اور ملٹھی کو دردڑا کریں اور رات کو ڈیڑھ کلو پانی میں بھگودیں اور صبح کو آگ پر رکھدیں جب آدھا پانی رہ جائے تو مل چھان کر چینی ڈال کر قوام بنالیں اور آگ سے نیچے اتار کر نوشادر اور سوڈا بائیکارب ملا کر خوب ہلائیں اور جب شربت خوب ٹھنڈا ہو جائے تو ست پودینہ ڈال کر بوتل بھرلیں بس تیار ہے خوراک وفوائد۔ایک تا دو چمچ صبح دوپہر شام اعصابی غدی ہے کھانسی۔دمہ ٹی بی کے لئے بہت مفید ہے۔

## کف سیرپ۔

۔ہوالشافی۔ملٹھی دس تولہ۔سونف دس تولہ۔دھنیا خشک دس تولہ۔نوشادر چھ ماشہ چینی ایک کلو پانی دو کلو۔ملٹھی کو موٹا موٹا کوٹ کر سونف اور دھنیا ملا کر رات کو پانی میں بھگودیں صبح جوش دیکر جب آدھا رہ جائے تو مل کر

ادویات الگ کرلیں اوراس میں نوشادر بارک پیس کر شربت تیار کریں فوائد پھیپڑوں کے امراض دمہ ٹی بی پرانی کھانسی گلے کی خراش چھوٹے بچوں کی کھانسی وغیرہ میں اعلی قسم کی چیز ہے۔

دمہ۔۔

ہوالشافی۔کشتہ ہڑتال ورقیہ۔تمباکو۔سندرس۔کندر۔ہم وزن سب کو سفوف کرکے بدر نخود گولی بنالیں۔اورایک گولی دمہ والے مریض کو چوسنے کے لئے دیدیں بوقت ضرورت چار گولیوں تک چُسا سکتے ہیں۔فوائد: سینہ کی رکی ہوئی بلغم کو متحرک کرکے بذریعہ کھانسی خارج کرتا ہےایک ہفتہ کے استعمال سے سینہ بالکل صاف ہو جاتا ہےاور مریض پہلی رات ہی سکون کی نیند سوتا ہے۔یہ گولیاں دمہ کے مریض کے لئے اکسیر ہیں۔دوران استعمال پانی کم پئیں تیل وترشی سے بچیں۔

حب عجیب۔

ہوالشافی: سم الفار چھ ماشہ۔لونگ چھ ماشہ۔ست کچلہ تین گرین مرچ سیاہ چھ ماشہ۔منقی دس دانہ۔سب کوملاکر ایک سو گولیاں بنالیں۔صبح وشام ایک گولی بعداز غذاہمراہ دودھ۔فوائد نہایت آسان و مختصراور امساک کے لئے لاجواب نسخہ ہے سرعت انزال کا جانی دشمن بارہاکالاجواب نسخہ ممسک ومقوی اعصاب نسخہ ہے۔

اکسیر زرنیخ۔۔

۔ہڑتال ورقیہ اعلی قسم ایک تولہ۔سیاہ مرچ پانچ۔سنڈھ پانچ تولہ۔ترکیب تیاری استعمال۔ایک گھنٹہ ہڑتال کو کھرل کرکے دونوں اشیاء کا سفوف لیکر مثل غبار بنالیں۔خوراک ایک تادو تین چاول ہے۔فوائد۔یہی وہ اکسیر ہے جس کے باعث معالج بدن سے انسانی سے گرمی کے باعث درد جلن ورم تعفن پیپ دور کرنے میں جلدازجلد کامیاب ہوسکتا ہے۔اس سے خرابئ خون۔کینسر۔پھوڑے پھنسیوں کو فوراََ ختم کیا جاسکتا ہے۔شریانوں میں خون کے سدے سخت ورم اور درد دل کا مستقل علاج اور غدی سوزش کے لئے لاجواب ہے۔اور ہچکی کے لئے بہت مفید ہے۔صبح وشام

ایک خوراک عرق سونف سے دینے سے ریاح شکم ہاتھ پاؤں کا ورم پیٹ کا اپھار آنکھوں کے گرد حلقے غدی کھانسی کو فوراً فائدہ دیتا ہے۔غدد کا مشینی نظام کو متحرک کرکے جاذبہ نظام کی تمام تکالیف کو ختم کردیتی ہے جسمانی ترشی تیزابیت وغیرہ میں اعلی درجے کی چیز ہے۔

## جوہر فولاد مرکب۔(لیکوڈ)

ہوالشافی۔ازراقی۔پنیر۔خنطل۔مصبر۔گوند کیکر۔کشتہ فولاد ہر ایک پانچ تولہ دوالیکر اور ڈائی لوشن تین لیٹر میں بھگو کر سائے میں رکھیں روزانہ ہلاتے رہیں دس دن بعد چھان لیں۔عضلاتی غدی ہے۔دس تا پندرہ قطرے دن میں تین بار۔فوائد۔عام جسمانی کمزوری دور کرنے ضائع شدہ قوت کو حاصل کرنے انتہائی ضعف اور غشی دور کرکے اعضاء ریئسہ وشریفہ کی حفاظت کرتی ہے جوڑوں کے درد قبض بواسیر جریان سیلان الرحم۔ذیابیطس۔بلغی دمہ فالج لقوہ تشنج ضعف اعضاء میں انتہائی مفید ہے بھنگ چرس چھڑانے ہیروئین چھڑان اور ناطاقتی دور کرنے میں لاثانی ہے۔

## بالوں کو سیاہ کرنے کے لئے۔۔

۔ہوالشافی۔نوشادر ایک 1 تولہ۔سنگجراحت دو 2 تولہ۔مازو 9 تولہ۔ان کو الگ الگ پیس کر شیشی میں بھرلیں اور تھوڑی سی دوا نکالر پانی میں ملا کر بالوں پر لگائیں سفید بال سیاہ ہوجائیں گے۔

## دم پھولنے کے لئے۔۔

۔آج کل کھانسی اور دم کشی کی بیماری عام ہے دو قدم چلنے سے سانس چڑھ جاتا ہے اس سلسلہ میں ایک مجرب شربت حاضر خدمت ہے۔

سعد طبیہ کالج۔۔۔۔دنیا کا علم

ہوالشافی۔تازہ لہسن پانچ تولہ۔تازہ ادرک پانچ تولہ کوٹ کراس میں ایک کلو پانی ملالیں آگ پر پکائیں جب آدھا پانی رہ جائے تو پاؤ چینی ڈال کر شربت تیار کریں دو بڑے چمچ صبح وشام دیں مجرب ہے۔

## بلڈ پریشر ہائی۔۔۔

۔ہوالشافی۔اسرول۔ایک حصہ۔صندل سفید دو حصے۔کالی مرچ تین حصہ۔دھنیا خشک سب ادیات کے برابر۔سب کو سفوف بنالیں بس تیار ہے۔فوائد۔سر درد۔بلڈ پریشر۔چکر۔گھبراہٹ۔کانوں میں خشکی کی وجہ سے شائیں شائیں کی آوازیں آنا میں موئثر و مفید ہے۔اس افراتفری کے دور میں ہر دوسرا آدمی ذہنی دباؤ اور ٹینشن کا شکار ہے جس کی وجہ سے بلڈ پرشیر۔شوگر اور السر جیسی نامراد بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔اس دوا کا استعمال ذہنی طور پر انسان کو مکمل آرام اور سکون مہیا کرتا ہے۔استعمال۔اگر بلڈ پریشر ہو رہا ہو تو ایک گولی ٹھنڈے پانی یا دودھ سے کھلادیں۔ اور خدانخواستہ اس بیماری میں مبتلاء ہیں تو صبح ناشتہ کے بعد ایک گولی اور شام سوتے وقت دوسری گولی کھا لیا کریں۔اللہ شفاء دینے والا ہے۔

## فریسموسا۔۔

۔اپنے فوائد میں اور عجیب الاثر دوا ہے یہ دوا سچ مچ فریسموسا کی کیفیت پیدا کردیتی ہے۔اسکے بنانے کے دو طریقے درج ذیل ہیں سہولت کی خاطر لکھتا ہوں۔(ا) ہوالشافی۔لیسے تھین دو گرین۔یوہمبین ایک بٹا آٹھ گرین۔بیر بوٹی ایک آٹھ گرین یہ صرف ایک گولی کا وزن ہے۔دوسرا طریقہ یہ ہے کہ لیسی تھین دو گرین۔یوہمین 1/8 گرین ۔ایکسٹریکٹ نیک وامیکا 1/8 گرین۔کستوری 1/18 گرین۔ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ایک گرین۔یہ ایک گولی کا وزن ہے ایک گولی بنالیں اسی مناسبت سے وزن میں کمی بیشی کر سکتے ہیں۔فوائد۔یہ غضب کی مقوی باہ دوا ہے ہر موسم ہر مزاج اور ہر عمر میں بالخاصہ مفید ہے طبّی دنیا میں ایک خاص اور حیرت انگیز ایجاد ہے۔دودھ کے ہمراہ ایک گولی استعمال کریں [تحفہ نایاب 284]

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم

## اکسیر حیات۔۔۔

۔ہوالشافی۔فاسفورس 4 ڈرامکونین سلفاس ایک اونس۔ساساپریلا 2 بوتل۔ کھانڈ 2 کلو۔ترکیب ساخت۔اول کھانڈ کا قوام بناکر ساساپریلا کو اس میں حل کرلیں بعدہ فاسفورس اور کونین کو آپس میں گوندھ لیں اور ٹکیہ بنا کر شربت میں دالتے جائیں شربت کو آگ پر رکھدیں جب ٹکیاں سرخ ہو جاویں تو ٹکیاں نکال کر باہر پھینںدیں۔اس دوران شربت کے برتن پر سرپوش ہونا چاہئے کونین اور فاسفورس ملانے سے خود بخود مل جاتی ہیں۔[ نایاب ]

## حب افسنتین۔۔۔

۔دوسرا نام حب مراق ہے۔ہوالشافی۔کچلہ مدبر سائیدہ 1 تولہ۔رب افسنتین 5 تولہ شہد حسب ضرورت دونوں کھرل کرکے حب نخودی بنائیں فوائد میں جگر و معدہ کی اصلاح کرتی ہیں ایسی بیماری جس سے انسان وہمی ہو جاتا ہے مالیخولیا/بوسیر بادی بھی کہتے ہیں میں مفید ہے دائمی قبض تبخیر کراز و تشنج مرگی اختناق الرحم میں مفید ہے۔ایک سے دو گولیا کھانے کے بعد دن میں دو یا تین بار۔

## معالج بخار۔۔

۔ہوالشافی۔کرنجوہ ایک پائو۔کشتہ گئودنیتی ایک پائو۔کونین سبز ایک چھٹانک۔ملٹھی مسفوف آدھ پائو۔حب الملوک ایک تولہ۔ست گلوایک پائو،ان تمام اشیاء کو سفوف بنالیں اور 500MG کے کیپسول بھرلیں۔پرانے سے پرانے بخار کے لئے بہترین نسخہ آپ کے پاس موجود ہے۔بس ایک کیپسول چائے یا نیم گرم پانی سے دے دیں۔باری کے بخار سے پہلے ایک کیپسول استعمال کرادیں انشاء اللہ باری کی نوبت نہ آئیگی،موسمی بخار کے لئے ایک دو روز مسلسل استعمال کرانے سے حرارت اصلی حالت پے آجاتی ہے۔بلغی اور سردی کے بخار میں قابل اعتماد نسخہ ہے۔

## {حب بندق}

ہوالشافی: چھلکا ریٹھ 5 تولہ گندھک آملہ سار 5 تولہ شورہ قلمی 5 تولہ۔ سب کو باریک کرکے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں ایک تا تین گولی دن میں چار ہمراہ آب نیم گرم یا سونف گل سرخ کا قہوہ۔ اعصابی غدی ہے افعال و اثرات میں سوزش گردہ، سوزاک، بوسیر خونی و بادی پیشاب کا جلد دار ہونا کے لئے بے حد مفید ہے۔

{مرہم آہک}

چونا ان بجھ 5 تولہ پانی 1 کلو، تیل ایک پاؤ، بروزہ تر 5 تولہ مشک کافور 1 تولہ، پہلے پانی میں چونہ حل کریں جب چونا پانی میں حل ہو جائے تو پانی نتھار لیں پھر تیل ملا کر دودھ کی طرح بلو لیں تیل مکھن کی طرح اوپر آجائے گا پھر اس میں بہروزہ تر اور کافر باریک پیس کر ملادیں مرہم آہک تیار ہے افعال و اثرات میں اعصابی غدی ہے خشک زخموں ہاتھ پائوں کے پھٹنے وغیرہ کیلیئے بے حد مفید ہے چنبل کے لئے اعلی درجہ کی دوا ہے خشک چنبل پر لگاتے ہی آرام آجاتا ہے معمول مطب ہے۔ اسی طرح آپ عرق آہک تیار کر سکتے ہیں۔

{عرق آہک}

چونا 2 تولہ پانی یا عرق کی ایک بوتل چونہ کو پانی یں حل کریں اور پڑا رہنے دیں کبھی کبھی ہلا دیا کریں پھر صاف پانی نتھار لیں رسوب پھینک دیں بس عرق آہک تیار ہے۔ افعال و اثرات میں اعصابی غدی ہے، جسم میں کلشیم کی کمی سے ہونے والے اثرات و امراض و علامات کے لئے بے حد مفید ہے بچوں کے 90 فیصد امراض جن یں دق الاطفال قابل ذکر ہے کے لئے شرطیہ دا ہے چند دن میں بچہ خوب موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔

{حب کینسر حب مصفی خون}

ہوالشافی رسکپور 1/2 تولہ دار چکنا 1 تولہ ہڑتال ورقیہ 1 تولہ، گندھک آملہ سار 7 تولہ باچی 1 پاؤ، اجوائن 1 پاؤ رائی 10 تولہ، مولی کا پانی۔۔ ترکیب۔ اول پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں پھر رسکپور دار چکنا ہڑتال ورقیہ باری باری کھرل کرتے جائیں اور مولی کا پانی ڈالتے جائیں پانی جذب ہو جائے تو دو دن کھرل کرکے مونگ کے دانہ برابر

گولیاں بنالیں ایک تا دو گولی پانی کے ساتھ ۔افعال واثرات میں غدی اعصابی ہے کھاتے خون سے ترشی و تیزابیت کو اندر ہی اندر ختم کردیتی ہے مصفی خون ہونے کی حیثیت سے اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، خارش، بواسیر خونی و بادی پھوڑے پھنسیاں داد چنبل پرانا ناسور بھگندر کے علاوہ آتشکی چھالوں اور کینسر تک کے لئے مفید ہے۔

{تریاق تبخیر}

ہوالشافی۔ جائفل 2 تولہ قرنفل 2 تولہ دار چینی 2 تولہ عقر قرحا 2 تولہ فلفل دراز 4 تولہ زنجبیل 4 تولہ سبل الطیب 2 تولہ ہینگ 2 تولہ آب لہسن 10 تولہ، سب کو الگ الگ پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ایک تا دو گولی ہمراہ آب۔ عضلاتی غدی ہے، تبخیر معدہ وامعاکے لئے خصوصیت سے مفید ہے ریاح کی شدت سے ہونے والے امراض وعلامات فالج لقوی نقرس ضعف باہ پرانا احتلام جریان کمزوری بدن بدہضمی نفخ شکم سلسل البول ذیابیطس کثرت رطوبات سے ہونے والے چھالے اور بخار عورتوں کے امراض بندش حیض لیوریا پیٹ کا بڑھ جانا پرنے دست سنگر ہنی اعصابی دورے اور دردوں میں بے حد مفید ہے بچوں کی کھانسی ڈبہ نمونیااور دستوں کیلئے مفید ہے۔

{اعصابی غدی تریاق}

ہوالشافی سہاگہ بریاں 7 تولہ ملٹھی 7 تولہ، ہلدی 7 تولہ، شیر عشر 1 تولہ سب کو بارک کرکے کم از کم دو گھنٹہ کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں ایک تا دو گولی دن میں تین بار، ہمراہ گرم پانی۔اعصابی غدی تریاق ہے کھاتے ہی جسم تیزابیت کو صفرا میں تبدیل کرکے خارج کردیتا ہے خشکی اور خلط سودا کی زیادتی سے ہونے والی علامات مثلاَ تپ دق بند نزلہ خشک کھانسی گاڑھی بلغم سوزاک اور کینسر کے لئے بے حد مفید ہے۔

{سفوف عرق النساء}

سعد طبیہ کالج...دنیا کا علم

ہوالشافی۔ سقمونیا1 تولہ ہڑ چلابہ 1 تولہ سرنجان شریں 4 تولہ سب کو سفوف بنالیں 4 رتی تا ایک ماشہ دن میں چار بار اگر پاخانہ زیادہ آئیں تو مقدار کم کردیں اعصابی غدی ہے۔ ورم پتہ و جگر عظم القلب عرق النساء وجع الورک والمفاصل گنٹھیا میں مفید ہے گردہ ومثانہ کی پتھریوں کو خارج کرتی ہے۔

{حب فالج}

ہوالشافی۔ مغز جمال گوٹہ ایک حصہ۔ شنگرف دو حصہ۔ کچلہ 4 حصہ، اجوائن 8 حصہ۔ بانچی 16 حصہ ،رائی 16 حصہ، سفوف بنا کر جوار کے دانہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ غدی عضلاتی مسہل ہے۔

اعصابی کمزوری کے لئیے نسخہ

بندہ راقم کاترتیب دیا ہوا ہے جیسے بے شمار بار آزما کر خلق خدا کو فیض پہنچایا ہے ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاءھو الشافی۔ کچلہ ۵ تولہ، آملہ ۵ تولہ، لونگ ۵ تولہ، دار چینی ۵ تولہ، پتری فولاد ۵ تولہ، سم الفار ٦ ماشہ، گلسرین آدھ پاؤ، پہلے کچلہ کو دیسی گھی ایک پاؤ میں بھون کر باریک کریں، پھر آملہ، لونگ، دار چینی کو باریک کرکے ملادیں، سم الفار کو باریک کریں، گلسرین میں شامل کرکے گرم کریں دھوئیں سے اپنے کو محفوظ رکھیں، جب سم الفار حل ہو جائے تو یہ مرکب اور تمام اشیاء باہم ملادیں تیار ہے، اس کی چنے برابر گولیاں بنالیں، وہ اس طرح کہ ایک پاؤ مویز منقی لیکر اس میں اس مجموعہ کو خوب کوٹیں، جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے، تو گولیاں بنالیں [خوراک] سوتے وقت ایک سے دو گولیاں دودھ کے ساتھ کھالیا کریں، اعصابی دردوں کے لئے آب حیات سے کم نہیں ہے، داڑھ درد پٹھوں کی تکلیف، ہاتھ پاؤں کا سرد ہونا سستی و کاہلی کا ہونا، بوڑھوں کے جوڑ درد میں بہت کامیابی سے استعمال کیا جارہا ہے، باہ کے مریض دو گولی وقت خاص سے کچھ دیر پہلے کھائیں، سردی کا موسم اس کے لئے بہت موزوں ہے، دوران خون کو تیز کرکے بدن میں بے نظیر طاقت پیدا کرتا ہے، ایک بات ذہن میں رہے کہ اسے کبھی خالی

سعد طبیہ کالج دنیا کا علم

پیٹ نہ کھائیں، اگر خشکی محسوس ہو تو گھی دودھ کا زیادہ استعمال کریں، پٹھوں میں بجلی کی سی پھرتی بھر دینے والا نسخہ ہے، سال ہا سال سے مطب کا خفیہ راز چلا آرہا ہے [محمد یونس شاہد میو]

## برائے جگر۔۔۔

سنڈھ ۲ تولہ، کالی مرچ ۲ تولہ، ریوند چینی ۲ تولہ، جو کھار ۲ تولہ، نوشادر ۲ تولہ ثناء مکی ۵ تولہ، سب کو ملا کر سفوف بنالیں، کھانے کے بعد ۲ ماشہ ہمراہ آب کھالیں، یرقان، بد ہضمی کھٹے ڈکار، قبض وجود کی بے چینی، دل کا درد، کلسٹرول کی زیادتی، وغیرہ امراض میں بے شمار مرتبہ کی آزمودہ دوا ہے، ہر وقت گھر میں تیار حالت میں موجود رہنے کے قابل دوا ہے

## ☆ جگری۔۔۔

ہوالشافی۔ سنڈھ ۴ تولہ، ریوند چینی ۴ تولہ، نوشادر دیسی ۴ تولہ، تخم کاسنی ۴ تولہ، برگ سنائے مکی مصفے ۴ تولہ، سہاگہ بریاں ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ گندھک آملہ سار ۲ تولہ سفوف ملٹھی ۲ تولہ، تمام کا سفوف کر لیں ۲ تا ۳ ماشہ دن میں تین بار [غدی عضلاتی ہے] کمی بھوک، ریاح، بد ہضمی، درد جگر، ورم جگر، دائمی قبض، ضعف معدہ، کمزوری جسم، کام کرنے کو جی نہ کرنا وغیرہ تمام کمزوریوں کو دور کرتا ہے، دائمی قبض کے لئے لاجواب ہے۔

## {تریاق ٹی بی}

، شیر مدار ایک تولہ، ہلدی پندرہ تولہ، شیر مدار میں تھوڑی تھوڑی ہلدی ملا کر کھرل کرتے جائیں، جب سب اجزاء مکمل طور پر مل جائیں تو شیشی میں ڈال کر محفوظ کر لیں [خوراک ایک تا دو گولیاں پانی کے ساتھ، جب مریض کو قے آنے لگے تو سمجھیں کہ مقدار زیادہ ہے، صرف ابکائی آنی چاہئے، مسلسل کے استعمال سے انشا اللہ ٹی بی شکایت ختم ہو جائے گی، یہ پھیپھڑوں کی بلغم کو صاف کر دیتا ہے، زخم مندمل ہونا شروع ہو جاتے ہیں، بھوک بڑھ جاتی ہے کھانسی، سینہ کی دکھن، اور جسم کے کسی بھی حصے سے خون کی آمد رک جاتی ہے، دائمی قبض، پیچش [خونی] ترشی

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم

معدہ،ڈکار، نیاپرانا سوزاک،زخم معدہ، سل دق کے لئے دعوی کی دواہے، محرک دماغ ہونے کی حیثیت کے سبب بے پناہ رطوبات پیدا ہوتی ہیں[عضلاتی اعصابی ہے] یہ نسخہ حکیم صابر ملتانی محروم کے صدقہ جایہ میں سے ایک ہے۔

{تریاق تشنج}

جا ئفل اتولہ، جاوتری اتولہ فلفل دراز ۲تولہ عاقرقرحا اتولہ سنبل الطیب، ہینگ ۳تولہ لہسن کارس ۱۰تولہ، ہینگ اور فلفل دراز کو خوب باریک کرکے نصف گھنٹہ تک کھرل کریں، پھر باقی دوائیں شامل کرکے، عرق لہسن کی مدد سے خوب کھرل کریں،[خوراک:ڈیڑھ ماشہ سے دوماشہ تک، نیم گرم پانی، یا چائے سے استعمال کریں[غدی عضلاتی] تشنج و کراز کا دورہ فوراَ رک جاتا ہے،اختناق الرحم[ہسٹیریا]، مرگی ڈبہ اطفال کے لئے بھی بے حد مفید ہے،بندہ کا بے شمار بار کاآز مودہ نسخہ ہے۔

{بلڈپریشر کے لئے}

چھوٹی چندن[اسرول] ۲تولہ، صندل سفید اتولہ، کشنز خشک اتولہ مرچ سیاہ اتولہ سب اجزاء کو باریک سفوف بنالیں [وراک] ۴رتی سے ایک ماشہ دن میں چار بار پانی سے کھائیں[افعال واثرات] اعصابی عضلاتی ہے خون کے دباؤ کے سبب رونما ہونے والی علامات بلڈ ہریشر چھپا کی بے خوابی کے لئے بارہا کی آزمودہ ہے،اگر قبض ہو تو پہلے اسے رفع کریں تسلسل کے استعمال سے ان موذی امراض سے خلاصی مل جاتی ہے۔اگر بکار کسی حالت مین جان نہ چھورتا ہو تواس سے مناسب مدار میں جگر کے بخار والے کے لئے دینا بہت موئثر ہے

{معین حمل}

سعد طبیہ کالج...دنیا کا علم

برادہ دندان فیل ایک تولہ ریش برگد ایک تولہ تخم شولنگی ایک تولہ تمام اجزاء کا سفوف بنالیں[خوراک] ایک سے ڈیڑھ ماشہ دن میں چار بار استعمال کرائیں عضلاتی اعصابی ہے ماہواری شروع ہوتے ہی کھلانا شروع کردیں ایک ہفتہ بعد تک کھلاتے رہیں اگر کثرت رطوبات مانع حمل ہوں تو بانجھ پن کا موثر علاج ہے۔بڑے کام کی چیز ہے۔

{مقوی جسم دافع جریان}

ستاور ایک پاؤ موصلی سفید ایک پاؤ سنگھاڑے کا آٹا آدھ سیر دودھ ایک سیر گھی ایک سیر [ترکیب]اول دوائوں کا سفوف کریں پھر دودھ کا کھویا بنائیں جب گاڑھا ہونے لگے تو مسفوف ادویہ ڈالدیں یکجا ہونے پر چھوٹے چھوٹے لڈو بنالیں اور گھی میں انہی تل لیں سرخ ہونے پر چینی کے قوام میں ڈالتے جائیں قوام گاڑھا ہونا چاہئے[خوراک] تین وقت میں ایک ایک لڈو دودھ سے کھایا کریں [فوائد] اعصابی غدی ہے، جسم میں رطوبت خون و قوت پیدا کرتی ہے منی گاڑھا کرکے سرعت کاازالہ کرتی ہے، دماغی کام کرنے والوں کے لئے نہایت عمدہ ناشتہ ہے[مجربات صابر ص۱۷]

{مقوی اعصاب مٹھائی}

ھوالشافی...ناریل ایک سیر، مغز بادام نصف سیر ، گوندھ کیکر نصف سیر گھی ایک پاؤ، پانی ایک سیر[ترکیب تیاری] گھی میں گوند بھون لیں باریک پیس کر اس میں ناریل بادام باریک کرکے شامل کردیں پھر چینی ملا کر آگ پر رکھدیں قوام درست ہونے پر کھلے برتن میں پھیلادیں ٹھنڈا ہونے ٹکڑے کاٹ لیں [خوراک نصف سے ایک چھٹانک نیم گرم دودھ سے دیں [فوائد] اعصابی عضلاتی مقوی ہے، جگر گردوں،مثانہ کی شوزش کو کم کرکے صالح خون پیدا کرنے کا سبب ہے مقوی قلب و۔۔دماغ ہے ذکاوت حس کا خاتمہ کرتی ہے مجلّوقین کے لئے اکسیر ہے...

{شربت فولاد}

پتری فولاد، یاکشتہ فولاد اتولہ [ایک پونڈ کی بوتل کے لئے کافی ہے چینی چھ چھٹانک، پانی تین چھٹانک قوام کرکے رکھدیں، سرد ہونے پر عرق ازراقی پچاس (50) بوند شامل کردیں [دوسرا طریقہ یہ ہے] ترپھلہ ۱۵تولہ، ہیرا کسیس [فیری سلفاس] ۵تولہ سب کو نیم کوب کرکے پانی ڈیڑھ کلوڈال کر دھوپ میں رکھدیں، ایک ماہ بعد، آدھ سیر چینی کا قوام کرکے شربت تیار کریں، اور فی بوتل، نیکس وامیکا پچاس بوند، شامل کردیں [فوائد] خون پیدا کرنا اور جگر کو طاقت دینے والا شربت ہے

{قرص پودینہ}

پودینہ دیسی [خشک] دس تولہ، سماق ۵تولہ، نمک سیاہ ۵تولہ، سہاگہ بریاں ۵تولہ، فلفل سیاہ ۲تولہ، سب کو باریک کرکے ۵رتی کی گولیاں بنالیں؛ کھانے کے بعد ۲ گولیاں کافی ہیں؛ مقوی معدہ، کاسر ریاح، قراقر شکم، اپھارا شکم میں بہت اعلیٰ اور ہاضم دوا ہے، بھوک خوب لگاتی ہے۔

{اکسیر جگر}

ترپھلہ ڈیڑھ پاؤ، سنڈھ آدھ پاؤ، اجوائن دیسی آدھ پاؤ، پودینہ دیسی آدھ پاؤ، پتری فولاد ۱۵تولہ، عرق ازراقی [یا ٹنکچر نکس وامیکا] دس تولہ، چینی دس سیر، درونج عقربی آدھ پاؤ، سب ادیات کو کوٹ کر [سوا پتری اور ازراقی کے] پندرہ کلو پانی میں بھگودیں، صبح بارہ بوتل عرق کشید کریں، حسب ضرورت چینی ملا کر شربت تیار کریں [مقدار خوراک] ۶ماشہ سے ایک تولہ تک، دن میں تین بار ہمراہ پانی استعمال کریں، [افعال واثرات] عضلاتی غدی شربت ہے، بے حد مقوی قلب، معدہ ہے، جگر کو تقویت دیکر سیروں خون پیدا کرتا ہے، شربت فولاد کا نعم البدل ہے، بدہضمی ضعف اشتہاء کے لئے خاص چیز ہے، جن کو کھایا پیا نہیں لگتا، انکے لئے ایک نعمت ہے، ضعف قلب کے مریضوں میں حیرت انگیز مقوی اثرات پیدا کرتا ہے، جن کو اللہ نے دیا ہے اچھی خوراک استعمال کر سکتے ہیں، ایسے لوگ اپنے وجود کو خوبصورت بنا سکتے ہیں۔

{شربت مفید النساء}

مجیٹھ ڑھائی تولہ، سوئے اڑھائی تولہ، اجوئن اڑھائی تولہ تخم سن اڑھائی تولہ، میتھے اڑھائی تولہ کپاس ڈوڈی ۵ تولہ، بندال ڈوڈہ ا تولہ چینی ایک سیر، تمام ادویات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگودیں، جب نصف سیر رہ جائے، تو چھان کر چینی میں قوام کرکے شربت بنالیں [عضلاتی غدی ہے] حیض کی کمی، بندش اور بائو گولہ میں اکسیر ہے مسلسل استعمال سے ماہواری کی جملہ خرابیاں دور ہو کر حمل رہ جاتا ہے، بیس تیس سال سے جنہیں حمل نہ رہا ہو ان کی تکلیف دور جاتی ہے، بانجھ پن دور ہو کر اللہ اولاد کی نعمت سے نوازتا ہے۔

{جوارش املی}

املی اڈھائی گرام، آلو بخارا اڈھائی گرام، پودینہ دیسی اڈھائی گرام زنجبیل ۵۰ گرام انار دانہ سو گرام زرشک سو گرام منقی سو گرام آملہ خشک پچاس گرام، ست لیموں پچاس گرام، چینی دو کلو [ترکیب تیاری] املی آلو بخارا کو پانی میں بھگودیں، دوسرے دن ہاتھ سے خوب مل کے چھان لیں، اس کے بعد، دوسری ادویات کا سفوف تیار کرکے رکھدیں، پھر چینی اور املی والے زلال سے گاڑھا قوام کر تیار کے، زرشک و منقی وغیرہ ملادیں، اور سفوف شدہ اشیاء ملادیں، پس تیار ہے [خوراک] ایک تا ۵ گرام دن میں تین بار چٹائیں [عضلاتی مقوی ہے] [فوائد] بے حد محرک و مقوی ہے، ایک خوراک سے ہی دل خوش ہو جاتا ہے، ہیضہ جیسی موزی مرض میں، جب پیاس وقے کی شدت ہو تو اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں ہے، زبان پر رکھتے ہی پیاس ختم ہو جاتی ہے، حاملہ کی قے میں آب حیات سے کم نہیں ہے، خوش ذائقہ اتنی کہ بچے بھی خوش ہوکے کھالیتے ہیں، اعصابی تحریک کے تمام امراض میں مفید ہے، خصوصاً شوگر کے مریضوں کو بہت مفید ہے

{معین حمل}

پیپل کی داڑھی ۴تولہ،برادہ ہاتھی دانت ۴تولہ، تخم شولنگی ۱تولہ، ناگسیر ۱تولہ، سب کو باریک پیس لیں، بس تیار ہے تین بار، سات یوم کافی ہے، حیض سے فراغت کے بعد کھائیں [عضلاتی اعصابی ہے] ہے ، قہوہ کے ساتھ دن میں حد مفید ہے، اس کے استعمال سے اول تو پہلے ہی ماہ، ورنہ دوسرے تیسرے ماہ حمل رہ جاتا ہے،اس کا کمال یہ ہے ، کہ اس کے استعمال سے لڑکا پیدا ہوتا ہے،اور دوسرے ماہ کے ختم اور تیسرے کے شروع میں ،اسے استعمال کرایا جائے تو شرطیہ لڑکا ہوتا ہے[نوٹ] اگراس نسخہ میں رحم خرگوش خشک کردہ ۱تولہ کستوری ۳ماشہ کا اضافہ کردیا جائے، تو قوی الاثر، بلکہ بانجھ پن تک کو دور کرنے کی اکسیری دوا تیار ہوتی ہے،راقم نے اس نسخہ سے بہت فائدہ اُٹھایا افادہ خلق کے لئے زیب قرطاس کیا جاتا ہے،استعمال کرنے والے دعائوں میں ضرور یاد رکھیں۔

## ☆کڑوا شربت برائے پیٹ

...سالٹ آدھا پائو۔ کسیس سبز ایک تولہ کونین سبز چھ ماشہ پتری فولاد تین تولہ جوکھار دو تولہ شورہ قلمی دو تولہ نوشادر دو تولہ تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ڈیڑھ کلو پانی میں بھگو دیں کئی بار ہلائیں صبح چھان کر بوتلوں میں بھر لیں، ترکیب استعمال، رات کو سوتے وقت دو گھونٹ پی لیں ایک ہفتہ کا استعمال قبض، ریح پیٹ کی صفائی کے لئے کافی ہوگا،بندہ کے مطب کا چلتا ہوا نسخہ ہے۔

## ☆اکسیر اطفال

... سھاگہ چوکیہ، تخم الائیچی، مویز منقی، تخم برآوردہ، پوست بیخ بسکھپرہ۔ ہموزن لیکر حبوب نخودی تیار کر لیں[الحکیم نومبر ۱۹۴۱] یہ ایک ایسے بچے کو دیا گیا جس کی آنکھیں ڈھلکی ہوئی تھیں، بخار بھی تھا بحمد اللہ بچہ ٹھیک ہوگیا، بعد میں دست قے والوں پر بھی موثر رہا، یہ بنیادی طور پر ہاضمہ کی درستگی اور بچے کی کمزوری رفع کرنے کے لئے بہت موئثر ثابت ہوا ہے[ محمد یونس شاہد عفی عنہ ]

## ☆مرھم نیم

...نیم کے پتوں کا پانی اسیر، روغن گاؤ[ یا کنجد] اپاؤ، میں ڈال کر ساتھ ہی ایک تولہ رال ڈال کر پگھلادیں جب پانی جل جائے تو کتھ اتولہ نیلا تھوتھا اتولہ، مردہ سنگ اتولہ، ڈال کر اتار کر گھوٹیں، مرہم سیاہ تیار ہے[امرت ساگر][ فوائد و نتائج] ہم نے اس مرہم کو بارہا بنا کر آزمایا شاندار نتائج سامنے آئے، پھوڑے پھنسی داد چنبل اور دیگر بہت سے زخموں پر بہت مفید پایا، بگڑے ہوئے زخم بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں ہمارے مطب کا چلتا ہوا نسخہ ہے۔

## اکسیر جگر۔۔۔

یہ نسخہ ارسطو ثانی حکیم مہتاب دین صاحب کا ہے، ان کی زندگی کا خاص راز و نچوڑ، جو ایک ایسے مریض کو دیا گیا جس کا رنگ زرد پڑ چکا تھا پیٹ پھولا ہوا چہرہ موترم ہاتھ پاؤں سوجھے ہوئے تھے، ظاہری طور پر امید زیست منقطع ہو چکی تھی، اللہ نے اسے پھر سے زندگی کی طرف لوٹا دیا، ضعف جگر، بھس، کمی خون، عظم طحال ورم جگر وغیرہ میں بھروسہ کی چیز ہے، راقم نے پندرہ سالوں میں اس سے بہت فائدہ اُٹھایا، ہر وقت میرے پاس تیار حالت میں موجود رہتا ہے، عاقل کے لئے اشارہ کافی ہے، نسخہ یہ ہے ترپھلہ [ ہرڑ آملہ بہیرڑہ] ۱۵ تولہ، فلفل دراز ۵ تولہ مجیٹھ ۵ تولہ لوہ چون ۵ تولہ کوزہ مصری ۱۰ تولہ، دہی ایک سیر، تمام اشیاء کو دہی میں ڈال کر کھرل کرنا شروع کر دیں، جب سب باریک ہو جائیں، کوئی رڑک نہ رہے، تو تیار ہے، کوکن[ گول] بیر کی طرح گولیاں بنالیں، ایک گولی دہی کی لسی سے صبح کے وقت دیں، انشاء اللہ محنت رنگ لائے گی[از تحفہ نایاب ص ۲۰۰

## ☆سفوف اطفال

...ہوالشافی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، کاکڑا سینگی، اتیس، مرچ سیاہ، ناگر موتھا، ہم وزن لیکر سفوف کرلیں، ایک ماہ کی عمر میں ایک رتی، ٦ ماہ کے لئے ۴ رتی شہد میں ملا کر چٹائیں، بچوں کے جملہ امراض دست، بخار، پیچس، قبض، کھانسی، بدہضمی وغیرہ میں بہت مفید چیز ہے، حاذق حکیم کے لئے ایک طبّی صندوقچہ ہے، گھر میں ہر وقت تیار کرکے رکھنے کے قابل بھروسہ کی چیز ہے

مرہم گلہڑ۔۔

ہوالشافی۔ دار چکنا 1 تولہ راکھ اسنفج (پوٹاشیم آیوڈائیڈ) 1 تولہ مغز جمال گوٹہ 1 تولہ وہزلین 40 تولہ۔ سب کو بارک کرکے ویزلین میں ملالیں، مام ماؤف پر ہلکی ہلکی مالش کرکے اوپر آک کا پتہ باندھ لیں مسلسل ایسا کریں اگر دانے نکل آئیں تو لگانا بند کرکے مکھن لگائیں جب دانے ختم ہوں تو پھر لگانا شروع کردیں انشاء اللہ بہت جلد آرام آجائیگا غدی عضلاتی ہے نہ پھوٹنے والے پھوڑے اور گلہڑ کے لئے بہتریں دوا ہے۔

{حب اندرائن}

ہوالشافی۔ تازہ اندرِائن کا چھلکا اتار کرآدھ کلو پانی حاصل کرلیں ہلدی نمک سیندھا، پوست ھلیلہ ہر ایک تولہ تولہ باریک پیس کراس پانی میں کھرل کرکے سارا پانی جذب کرائیں۔ 2 رتی کی گولیاں بنالیں، وجع المفاصل کے لئے اکسیر ہیں ایک گولی دودھ کے ہمراہ کھائیں حسب برداشت گولیاں بڑھائی بھی جاسکتی ہیں۔ یہ نسخہ جوہراباد کے رہنے والے ہمارے عزیز نے بتلایا تھا جب اسے ماہنامہ الحکیم میں لکھا دیکھا تو اسے آزمانے کا فیصلہ کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

{طبّی نسخہ جات}

یہ تمام نسخہ جات وہ ہیں جو ہم نے اپنی کتاب ذاتی مجربات و عملیات میں درج کئے ہیں (قاری محمد یونس شاہد)

☆دمہ کھانسی

گل بنفشہ ۹ گرام، گل زوفہ ۹ گرام، انجیر خشک ۴ عدد، ملٹھی کوٹی ہوئی ۵ گرام منقی ۷ عدد تمام اجزاء پانی میں جوش دے کرایک کپ دن میں تین بار استعمال کریں سردی سے سے ہونے والا نزلہ زکام، کھانسی، گلا بیٹھ جانا، بلغی جکڑن، سینے کا بلغم سے بند ہو جانا دمہ کے لئے اکسیر ہے [نباتات قرانی اور جدید سائنس ۱۶۱]

## ☆کثرت طمث

...سپاری ایک عدد مازو دو عدد مویز پانچ عدد پانی کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں ایک ایک گولی صبح و شام استعمال کرائیں انشاء اللہ کثرت حیض سے افاقہ ہوگا، بارہا کا مجرب و آزمودہ ہے۔بڑے بڑے حکماء اس کے گرویدہ ہیں

دوسرا نسخہ۔ایک پاؤ میٹھے تیل میں ایک چھٹانک سیندور جلالیں جب سیاہ ہو جائے تو اتار لیں، کسی کپڑے پر لگا کے زخم پے لگائیں،انشااللہ فائدہ ہوگا

## قوت باہ۔۔

پیچس شونیز دس گرام حلتیت دس گرام شکر سرخ ۵ گرام نوشادر ایک گرام،ان سب کا قرع انبیق سے عرق کشید کریں ۵تا۱۰ قطرے استعمال کریں۔

## روغن افیون برائے ہر قسم کا درد

...افیون ۸ تولہ مٹھا تیلیہ ۴ تولہ زنجبیل ایک ثار روغن خشخاش ۲ ثار آب شیریں،رات کو بھگو دیں صبح نرم آگ پر پکائیں،اور تمام اودویات تھیلی میں رکھیں،جب سب مال تہ نشین ہو جائے تو بعد میں ۳ تولہ کافور شامل کرلیں، اور بوقت ضرورت استعمال کریں [ص ۲۵۴]☆

## مقوی و ممسک

...دانہ الائچی خورد دار چینی اسپند ثعلب مصری ہموزن کو کوفتہ و بیختہ کرکے دوانڈوں کی زردی نیم برشت روغن بادام یا گھی کے ہمراہ عصر کے وقت استعمال کریں [ص ۲۶۰]

## خارش

گندھک سیندور تولہ تولہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ کو سرمہ کرکے ایک چھٹانک روغن کنجد میں ملا کر دھوپ میں بیٹھ کر مالش کریں، ۲ ساعت بیٹھیں ۳ یوم کافی ہیں

☆جریان منی واز دیاد منی

...آرد سپستان ا تولہ ستاور ا تولہ بہمن سفید ا تولہ موصلی ا تولہ سبوس ایسبغول ا تولہ کتیرا، ۹ ماشہ لودھ پٹھانی ۲ تولہ تخم کدوئے شیریں ۲ تولہ آرد نخود بریاں ۲ تولہ مغز نارجیل ا تولہ چلغوزہ ا تولہ نبات سفید سب کے برابر شامل کرلیں خوراک۔۔۔ایک تولہ بکری کے دودھ کے ساتھ

☆مقوی باہ مجربہ پیر جی

...پارہ شنگرف، صغر، کتھ پاپڑیہ، قرنفل، مساوی الوزن، پہلے اول دو کو خوب رگڑیں، اور باقی ادویہ کو کوٹ چھان کرانڈے کی زردی اور شہد بقدر ضرورت ملاویں، حب نخودی بنا کر ورق طلاء یا نقرہ میں ملفوف کریں، علی الصبح شوربا مرغ یا بکرا ایں گھی ڈال کر پیوے ۵ منٹ بعد گولی کھاوے ☆سوزاک...گیرو ۳ تولہ کو سات حصوں کرلیں [۲۶۹]، اور ایک حصہ کو گائے کے گھی میں ملا کر کھائے، رطوبت رفع ہوگی، بیسنی روٹی کھائے ص

☆جلاب سودا...

چھالیہ چکنی ۲ تولہ برگ ببول ۳ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ پوست بلیلہ کابلی ۲ تولہ پانی میں جوش دیکر جتنے دست لینے [۲۷۰] ہوں، اتنی بار چھان لیں، اگر دست زیادہ ہوں تو کھچڑی وغیرہ کھائیں

☆سرمہ مقوی بصر۔

[۲۷۲] کافور ایک جز نمک لاہوری ایک جز سرمہ سیاہ یا سفید ایک جز برگ نیم ۳ جز سرمہ کرکے آنکھوں میں لگائیں

[ مجربات طب از ڈائری آصف محمو

☆کشتہ فولاد

...برادہ فولاد حسب ضرورت لیکر کسی برتن میں ڈال کر اوپر سے جامن کا رس ڈالیں کہ ایک انچ اوپر رہے پھر خشک ہونے پر لیموں کا پانی، بعد ییں کھٹے انار کا پانی ڈالیں، خشک ہونے پر باریک پس لیں، غبار کی مانند کرلیں صبح خالی پیٹ ایک رتی ہمراہ مکھن ایک چیچ۔[ فوائد ] جگر کی گرمی کمزوری اور کمی خون کے لئے بہت مفید ہے۔

☆برائے باہ

...جوان بیل کا ذکر سائے میں خشک کرکے پھکی بنالیں رات سوتے وقت دو انڈے ہاف بوائل پر چھ ماشہ چھڑک کر کھالیں اوپر سے ایک گلاس نیم گرم دودھ پی لیں سب اچھا ہو جائے گا۔یہ استعمال کے قابل چیز ہے۔

☆برائے احتلام

...ایک پاؤ سنگھاڑا لیکر ایک پیالی میں بوہڑ کا دودھ ڈال کر رکھدے بعد میں حبوب نخودی بنالیں صبح شام ایک گولی

☆ترک نشہ

... تخم دھتورہ ۲تولہ فلفل سیاہ اتولہ دار چینی ۲تولہ گوند کیکر ۶ ماشہ چھوہارہ ۳ تولہ او پیم یا افیون اتولہ زعفران اتولہ ،تمام اشیاء کو باریک پیس کر باہم ملالیں پھر اس قدر شہد ڈالیں معجون کی شکل اختیار کرجائے[ترکیب استعمال] ترک افیون کے لئے جتنی مقدار میں افیون کھاتا ہو شروع میں اسی قدر کھلائیں آہستہ آہستہ کم کرتے جائیں، ہیروئن پینے والے کو اتنی مقدار میں دیں کہ اسکا گذارا ہو جائے پھر بتدریج کم کرتے جائیں۔

☆پتہ کی پتھری کے لئے

...کائی اور کلونجی صبح دوپہر کا کھانے کے بعد اور نہار منہ انجیر کے چھ دانے کھانے کے لئے دیں انشاء اللہ دو ماہ بعد اس علاج نبوی سے پتہ کی شوزش و پتھریاں ختم ہو جائیں گی[ طب نبوی اور جدید سائنس ص ۳۷]

☆استحاضہ کے لئے...

حکیم اجمل خاں مرحوم نے ایک استحاضہ کی مریضہ کو مہندی اور پکھان پس کر پانی میں حل کرکے لگانے کی ہدایت کی تو دس منٹ میں اس کے استحاضہ کا خون بند ہوگیا[ص ۹۴]

خضاب

...مہندی کے ساتھ ثناء مکی پیس کر لگانا بہترین خضاب ہے۔

☆ بالوں کو اگانے کے لیئے

کلونجی،حب الرشاد، ثناء مکی، مہندی کو ہم وزن پیس کے چھ گنا زیتون کے تیل میں ملا کر[۱۵] منٹ آگ پر پکائیں، پھر چھان کر رکھ لیں، مسلسل تیل کی طرح لگانے سے بالوں کی بڑھنے کی رفتار تیز ہوگی، سر کی پھنسیاں ٹھیک ہونگی بغلوں کی بو دور اور خارش چنبل کے لئے بھی مفید ہے

☆پھوڑے کو چیرنے کے لئے

نمک ایک حصہ چینی دو حصہ اور بوہڑ یا پیپل کا پتہ، اس پھوڑے کے لئے، جو نہ پکتا ہو تو مقام ماؤف پر باندھیں، کسی دوائی کی ضرورت نہ ہوگی خود بخود ٹھیک ہو جائیگا۔

☆وجع المفاصل اور وجع الصدور

...ادرک، کالی مرچ لہسن، چھٹانک، چھٹانک دیسی گھی آدھ پاؤ نمک حسب ذائقہ ان تمام اشیاء کا سالن بنا کر استعمال کریں، [بادی ہوائی] ہر قسم کے جسمانی درد کے لئے عجیب چیز ہے [از فتح محمد جنڈیالہ ۲،۲۵،۱۹۹۶ء]

نسخہ مدر حیض

...ابھل، سنبل الطیب۔ رائی، خنطل، ہموزن لکر سفوف بنالیں [خوراک] ایک سے تین ماشہ دن میں تین بار [فوائد] احتباس و عسر طمث، سیلان مزمن، دائمی قبض، ریاح شکم پیٹ کے گولے، اور خاص طور پر احتناق الرحم اگر تسلسل سے استعمال کیا جائے تو رحم کی صفائی کرکے عقرپن کو دور کردیتا ہے اسکے استعمال کے وقت بہتر ہے کہ گھی دودھ کا بکثرت استعمال کیا جائے تاکہ خشکی محسوس نہ ہو، ہم نے اس نسخہ سے بہت فائدہ اٹھایا ہے اب رفاہ عامہ کی خاطر ھدیہ ناظرین ہے

☆ لیکوریا کیلئے

...کیکر کے چاروں انگ، کلائیقل، سنگ جراحت، لودھ، پھل سپاری، تیلیا سپاری، گل دھاوا، کمرکس، موچرس، مازو، کچور، ماہیں خورد، برابر وزن لیکر باریک کرلیں ۳ ماشہ کی مقدار میں ہمراہ آب دیں، یہ ہمارے دوست سہیل بٹ نے ہمیں دیا جس کی افادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا، مجرب ہے؛

☆ سنون خود تراشیدہ۔۔

نیم کے پتے... سنڈھ۔ راکھ اوپلے۔ لونگ۔ نیلا تھوتھو۔ دار چینی برابر وزن لیکر باریک کرلیں اور منجن کے طور پر استعمال کریں

از ڈائری سجن

...پیشاب قطرے قطرے آنا

...بوہڑ کی ایک پائو آدھ کلو پانی میں ابالیں جب ایک پائو رہ جائے تو آدھ کلو دودھ میں ملا کر پلائیں کھٹی اشیاء سے پرہیز کریں، ایک ہفتہ کافی ہے۔

☆ جریان واحتلام

...آدھ کلو دودھ دیسی انڈہ ایک عدد کو مکس کرکے پی لیں شادی شدہ کے لئے بہترین چیز ہے۔

☆ایضاً...پندرہ عدد چوھارے لیکر گٹھلی نکالیں اور ۲ تولہ افیون انکی جگہ میں بھر دیں پھر کیلے کے درخت میں فی درخت تین عدد رکھ کر، پندرہ یوم کے بعد نکال لیں، سایہ میں خشک کرکے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں، آدھ گھنٹہ وقت خاص سے پہلے کھالیں، یا بوقت ضرورت کام لے سکتے ہیں۔

## ☆ باہ کے لئے ایضاً

... تخم دھتورہ ا تولہ بادام کی گری ۲۵ عدد مویز منقی ۲۰ عدد پیس کر نخودی گولیاں بنالیں ۱۵ یوم ایک گولی یومیہ دودھ سے استعمال کریں۔ ایضا... سم الفار سیاہ، شنگرف، موصلی سیاہ، جائفل سب دو، دو تولہ ورق نقرہ ایک دفتری، منقی آدھ پاؤ ادرک ایک پاؤ اور لہسن ایک پاؤ تمام اشیا کو سفوف کرکے ادرک و لہسن کے پانیوں میں کھرل کرکے خشک کریں اور حب نخودی تیار کرلیں رات کو ایک گولی ایک کلو دودھ کے ساتھ، ایک ماہ کا استعمال کافی ہے۔

ایضاً دال چنا آدھ پاؤ بوہڑ کے دودھ ہیں تر کریں، اور کھرل کرکے، گولیاں بنالیں۔

## مثانے کی گرمی کے لئے

جوکھار ۲ تولہ، بھوپلی ۲ تولہ، شورہ قلمی ۲ تولہ، چھلکا اسبغول آدھ پاؤ، الائچی خورد ۲ تولہ، سفوف کریں، ۳ ماشہ ہمراہ آب، ۱۰ یوم کافی ہے

☆ایضاً...فرج دنبی سوکھی ہوئی ۲ تولہ، سانڈھ کا عضو خاص، ایک تولہ باریک کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

## ☆ رحم کا باہر نکلنا

گائے بھینس یا عورت کا اگر رحم باہر نکلے تو سانپ کی کچلی باریک پیس کر رحم کو عرق گلاب سے دھو کر، اوپر سے برکا دیں، اور اندر داخل کردیں پھر رحم کبھی باہر نہ نکلے گا۔

تھن بند ہونا...۳

کلو چینی کو آدھ کلو پانی میں شیرہ بنالیں اس بارہ عدد لیموں نچوڑ دیں اور تین حصے کرکے تین دن میں دیدیں تو تھن کھل جائے گا

☆لیکوریا وجریان کے لئے

...آدھ کلو چاٹی کی لسی لیکر سارادن اسے سڑنے دیں، شام کو اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ اگلے دن پی سکیں، رات کو باہر رکھیں، صبح کو پانی نتھارلیں نیچے کا حصہ حسب ذائقہ میٹھاڈال کرپی لیں، یہ افراط نفاس میں بھی کام دیگا۔

اسقاط کے لئے۔ خوب کلاں اور منقی کو پانی میں پکا کر نیم گرم پلادیں، حمل ساقط ہو جائیگا،اور اگر کسی کو خسرہ کی تکلیف ہو تو بھی کام دیگا تین یوم میں کامل فائدہ ہوگا۔

☆ایضاً...زعفران ۳ماشہ، شنگرف ۳ماشہ جلوتری ۶ ماشہ، سفید سم الفار ۶ ماشہ عرق گلاب ایک چھٹانک سفوف کرکے عرق لیموں کھرل کرکے حب نخودی تیار کرلیں آدھ کلو دودھ کے ساتھ ۳یوم ۲ عدد گولیاں کافی ہیں۔

خشک وتر خارش کے لئے...

چنبل دھدرو غیرہ کے لئے بھی آک کی جڑ صاف کرلیں اور گندھیری ان دونوں کو کچل کر ۳ کلو پانی میں ابالیں جب ایک کلو پانی رہ جائے، اس میں دس چھٹانک چینی ملا کر شیرہ تیار کرلیں ٹھنڈا کرکے بوتل میں ڈال لیں ایک خوراک ایک چمچ بعد از طعام صبح وشام

☆بال چر اور گنج کے لئے

...دیسی انڈے کی زردی کا تیل استعمال کریں۔

ایضاً... تیل سرسوں، زیتون، دھنیا، گری، آملہ، انڈولہ سب کے سب ایک ایک چھٹانک لیکر صبح وشام ملا کریں۔

افاقہ گیس ٹربل کے لئیا جوائن ا پائو، سیاہ مگاں ۲ تولہ، سفید مگاں ۲ تولہ، نوشادر ٹھیکری، سیاہ ہریڑ آدھ پائو، الائچی، دار چینی ۲ تولہ، سفوف کرکے ہمراہ آب بعد از طعام ہمراہ آب۔

## بواسیر خونی و بادی کے لئے

...ایک لقمہ آک کے ڈوڈہ کی مدھانی یومیہ ایک عدد کھلائیں، اور ایک کا اضافہ کرتے جائیں چالیسویں دن چالیس پوری ہو جائیں تو ایک ایک کم کرنا شروع کردیں ۸۰ یوم مکمل کریں یہ دمہ کا شافی علاج ہے

## دمہ کے لے

:ایک کلو حقہ والے تمباکو کے پھول آدھ کلو شہد میں کوری ہانڈی کے اندر ڈالیں، نصف نصف کی تہیں دیدیں، اور آٹے سے مضبوط باندھکر کہ ہوا داخل نہ ہو ۴۰ یوم روڑی میں دفن کردیں، اب تیار ہے اس سے ایک چیچ بعد از طعام، ایک چیچ کافی ہے ☆ اسقاط حمل ... عقرقرحا کی جڑ کو چونچ [ قلم ] بنا رحم کے اندر رکھیں آدھ گھنٹہ بعد نکالدیں، بس کافی ہے

## ☆ فالج کے لئے

...۲ کلو شہد لیکر ۲ کلو قلاقند ۸ کلو عرق سونف، صبح آدھ پائو عرق پی کر چھٹانک شہد کا جھاگ اتارلیں اور چائے کی طرح بنا کر پی لیں اور رات کے وقت قلاقند استعمال کریں۔

## سفوف مغلظ...

ستاور، موچرس، تالمکھانہ، سمندر سوکھ، سریالہ، سپستان، برہم ڈنڈی، سنگھاڑا، گوکھرو، سب تولہ تولہ، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان، کشتہ صدف ہر ۹، ۹ ماشہ، سب کو سفوف بنالیں ۳، ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گائو [ فوائد و

سعد طبیہ کالج... دنیا کا علم

ثمرات] جریان واحتلام کی شرطیہ دواہے، تمام بدن میں صحت کی رو دوڑادیتا ہے، منی گاڑھی کرکے سرعت کا خاتمہ کرتا ہے، کمزوری کا بہترین حل ہے

☆منہ کے چھالے...

یہ بندہ کا خود تراشیدہ نسخہ ،بے شمار بار کا مجرب ہے، منہ کے چھالوں سے جو آئے روز تنگ رہتے ہوں، وہ بنا کر مستفید ہوں،اور دعادیں[ ہوالشافی ] نمک سانبھر، کتھہ پاپڑیہ، گلاب کے پھول، میٹھا سوڈا سب تولہ تولہ پودینہ خشک ۶ ماشہ، نیلا تھوتھا ۶ رتی ملا کر سفوف کریں، زخموں پر چھڑکاؤ کریں، پانی نکلنے دیں، فوراً افاقہ ہوگا، جلن بند ہوگی، ایک دو بار کے استعمال سے مکمل آرام ہوگا،بندہ راقم اس مرض میں عرصہ تک مبتلاء رہاہے،اس لئے اس بیماری کا دکھ مجھ سے زیادہ کون سمجھ سکتا ہے؟اللہ محفوظ رکھے آمین

☆برائے بخار

...مغز کرنجوہ،پیپل خورد،برگ کیکر، زیرہ سفید، مرچ سیاہ،ہم وزن لیکر سفوف کرکے،دن میں تین بار شربت بنفشہ یا گرم پانی سے دیں انشاء اللہ ہر قسم کا بخار ٹوٹ جائے گا،یہ نسخہ ایک بزرگ حکیم میرے استاد نبی خاں مرحوم کا ہے، جسے بوقت ضرورت بنا کر بہت بار آزمایا ہر بار تجربہ کی کسوٹی پر پورا اترا

حب کبد نوشادری

...نوشادر، نمک طعام، نمک سیاہ، نمک لاہوری، سہاگہ بریاں نرکچور، ہلیلہ سیاہ، پوست بلیلہ کابلی، بابڑنگ، مرچ سیاہ، سونٹھ ہر ایک تولہ تولہ، عرق گلاب میں شامل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں، ۲ سے ۴ کھانے کے بعد[ منافع و فوائد] جگر و معدہ کی کمزوری،اور جملہ نقائص کو دور کرنے میں یہ گولیاں عظیم الخواص ہیں،وجود میں پیدا ہونے والی ہلکی ہلکی حرارت کو دور کرتی ہیں، بھوک نہ لگنا، معدہ و جگر کا ورم، چند خوراکوں میں دور ہو جاتا ہے

بڑے بڑے طبیب اس پر بھروسہ کرتے ہیں، معروف کمپنیوں نے اسے تجارتی طور پر بھی متعارف کرایا ہے[ بحوالہ [ الحکیم طبّی فارما کوپیا ص ۱۰۰] کنزالمجربات ص ۱۱۰

## ☆اشتہائے طعام

...انار دانہ تازہ ترش ۸ تولہ، نمک طعام اڑھائی تولہ، سونٹھ ا تولہ، زیرہ سفید ا تولہ، تربد ۶ ماشہ، زیرہ سیاہ ۶ ماشہ، سماق ۶ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ، بلیلہ ۶ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں، ۶ ماشہ کی مقدار میں پہلے یا کھانے کے بعد استعمال کریں، عرق سونف مل جائے تو بہت خوب ہے؛[ فوائد و ثمرات ] معدہ کی جملہ امراض کا تریاق ہے اشتہائے طعام پیدا ہوتی ہے، قبض کی دافع، دستوں کو روکتی ہے عجیب چیز ہے[ کنزالمجربات ص ۲۲۶ از حکیم محمد عبداللہ مرحوم ] اسے بنا کر آزمائیں دل خوش ہو جائیگا

## بواسیر کے لئے

...کتھ سفید ا تولہ، ریٹھہ کا پوست سوختہ ا تولہ، دونوں کو پیس کر کھلائیں ۳ یوم نمک سے پرہیز کریں ترشی سے بھی دور رہیں، ۹۸ فیصد مریضوں کو آرام آجاتا ہے اگر ۶ ماشہ کی مقدار میں بعد میں بھی استعمال کرلیں، تو پھر کبھی تکلیف نہ ہوگی، قبض نہیں رہتی، خارش ختم، خون بند، مسے مردہ، بارہا کا مجرب، اگر اسے آتشک کے لئے بھی استعمال کریں، تو بہت اچھے نتائج سامنے آتے ہیں[ از صدری مجربات ص ۵۳ ج ۱]

## ☆آگ سے جلنے کا نسخہ

... گری کا تیل گرم کرکے، اس میں کافور ملادیں، زخموں کو نیم کے پتوں سے دھو کر اوپر سے یہ مرہم لگادیں، آگ سے جلا زخم بہت جلد اچھا ہو جائے گا، یہ نسخہ مجھے وہاڑی کے ایک صاحب سے ملا، جنکا بچہ آگ سے بری طرح جلا تھا، سینے کا سب چمڑہ اتر گیا تھا، انکے بقول اس سے بچہ ٹھیک ہوا، بندہ نے بھی اس طریقہ سے بنا کر استعمال کیا تو اس کی تصدیق ہوئی، خدانخواستہ اگر کوئی ایسا حادثہ ہو جائے، تو بھروسہ کا کم خرچ نسخہ ہے۔

### ☆ کھانے کو فوراََ ہضم کرنے کا نسخہ

...اجوائن دیسی [۴ تولہ] لیکر اس کے اوپر لیموں کا پانی [ا چھٹانک] اتنا ڈالیں، کہ اوپر تک رہے، نوشادر [۲ تولہ] بھی شامل کردیں، اس کے بعد کچری [۲ چھٹانک] ملادیں، اس سے ایک چٹکی کھائیں کھانا فوراََ ہضم ہوگا [کچری کو پنجابی میں چبڑ کہتے ہیں]

### ☆ طلسمی گولی برائے بخار

... یہ بخار کی حکمی دوا ہے، ایک ہی دن میں بخار توڑ دیتی ہے، ھوالشافی حب الملوک ۳ ماشہ، سہاگہ ۳ ماشہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، شنگرف ۳ ماشہ، سب کو برگ نیم کے ہمراہ گولیاں بنالیں، گرم پانی سے ۲ ماشہ دیں، یہ بزرگوں کے ہلکے ہلکے بخار میں بہت مفید ہے؛

### ☆ اکسیر جگر

...ھوالشافی، شورہ قلمی ۲۰ تولہ پھٹکری ۲۰ تولہ، ہیرا کسیس ۲۰ تولہ ان تینوں کو باہم ملا کر پیس لیں پھر کسی کڑاہی میں گرم کرلیں، سنہرے رنگ کا کشتہ تیار ہوگا، کھرچ کر محفوظ کرلیں [خوراک] ایک ماشہ نہار منہ دہی کی میٹھی لسی کے ساتھ، [فوائد، عضلاتی اعصابی نسخہ ہے]، بھس یرقان، جگر کی خرابی، اسکی وجہ سے سوجن وغیرہ کو دور کرتا ہے، جگر کی اصلاح کرتا ہے، بہت کامیاب شے اور بارہا کا مجرب نسخہ ہے

### ☆ سفوف پتھری توڑ...

ھوالشافی سوڈا بائی کارب ۱۰ تولہ، نمک خوردنی ۱۰ تولہ، سنگ دانہ مرغ ۱۰ تولہ، مغز حب الملوک ۳ تولہ حب الملوک کو باریک پیس کر، دوسری پسی ہوئی ادویات ملا کر کھرل کریں، بس تیار ہے [خوراک] ۴ رتی سے ۲ ماشہ تک دن

یں تین بار [ غدی اعصابی ہے ] عضلاتی غدی تمام امراض وعلامات کے لئے بے حد مفید ہے، پتھری خواہ گردہ میں ہو، مثانہ یا پتہ و جگر میں، ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے، کوئی تکلیف بھی نہیں ہوتی؛

☆حب گردہ۔۔

۔ہوالشافی...ازراقی ۲تولہ، مصبر ۲تولہ، سورنجان تلخ ۲تولہ، تربد مجوف ۲ تولہ، قرنفل ۲تولہ تمام کا سفوف کرکے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں [ خوراک ] ایک تا ۲ گولی صبح شام اور درد کی شدت میں پندرہ پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیں، فوراً افاقہ ہوگا ۲ یا ۳ ہفتہ میں درد گردہ بالکل ختم ہو جائیگا، درد گردہ ریاحی، وجع المفاصل ریاحی کے لئے اعلی اکسیر ہے؛

{ کثرت حیض }

سنگ جراحت، گیرو، پھٹکڑی بریاں تولہ تولہ سفوف بنا کر ۶ پوڑیاں بنالیں، پوست کیکر اور لونگ کیکر مناسب مقدار میں لیکر پانی اس میں ابال کر، اس کے ساتھ صبح دوپہر شام دیں، انشااللہ کثرت حیض سے نجات ہوگی، استحاضہ میں بھی بارہا کا مجرب نسخہ ہے۔

{ خارش }

گندھک آملہ سار، منسل ہم وزن لیکر پیس لیں، روغن تارا میرا میں ملا کر، مالش کرکے دھوپ میں بیٹھ جائیں، جب پسینہ آجائے تو جسم کو خشک کرکے، صابن سے نہالیں مجرب المجرب نسخہ ہے۔

{ دانت درد }

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم

ست اجوائن ٦ ماشہ، ست پودینہ ٦ ماشہ، کافور ماشہ، کاربالک ایسڈ ٦ ماشہ تمام کو ملا کر دھوپ میں رکھدیں کچھ دیر بعد پانی بن جائیگا، درد والے دانت میں روئی کی پھریری سے لگائیں فوراً آرام ہوگا، اگر زیادہ دنوں بعد دوا استعمال کریں تو کچھ دیر ڈھکن کو کھول کر رکھدیں تاکہ دوا کی تیزی کم ہو جائے۔

{اجمل}

نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک سانبھر، نوشادر، زیرہ سیاہ، زنجبیل، خردل، کچلہ مدبر، تمام اشیاء ہم وزن لیکر ۴ رتی کی گولیاں بنالیں، [فوائد] بد ہضمی، قراقر شکم، کثرت ریح میں مفید ہے، کھانے کے بعد طبیعت کا گرا رہنا، اور ہضم کے وقت دل کے دھڑکنے میں نافع ہے [حاذق ص ۵۴۴]

{احتلام}

تخم دھتورہ سیاہ، فلفل گرد برابر وزن باریک کرکے گوندو غیرہ کی مدد سے ۴ رتی کی گولیاں بنالیں، ایک گولی کھانے کے فوراً بعد، بدخوابی احتلام کے مرض میں نہایت ہی مفید نسخہ ہے [حاذق ۵۴۵]

{اجملان}

سہاگہ خام، مصبر زرد [ایلوا] برابر وزن لیکر گودہ گھیکوار میں باریک کریں، خشک ہونے پر ۴ رتی کی گولیاں بنالیں، بوقت ضرورت ۲ گولیاں، [فوائد] دائمی قبض، معدہ وآنتوں کی خرابی ور جگر کا ورم، تلی کا بڑھنا وغیرہ امراض میں بہت مفید ہے [خاذق ۵۴۴]

{حب تنکار}

سہاگہ ۴ تولہ،اجوائن خراسانی ۵ تولہ، فلفل سیاہ ۲۰ تولہ صبر سقطوری ۳۶ تولہ سفوف کرکے گھیکووار سے حبوب نخودی بنالیں ا تا ۴ گولی بعداز طعام [فوائد] معدہ کی گرانی اور کمزوری کو زائل کرتی بھوک لگاتی ہے،بڑے پیٹ کو چھوٹا کرتی ہے، قبض درد کو نافع، ریاح خارج کرتی ہے؛

{دوائے پتھری}

حجر یہود،سنگ سرماہی، تخم مولی، کلتھی،ہر ایک چھ ماشہ سفوف کریں ا ماشہ ہمراہ شربت بزوری [فوائد] گردہ ومثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کرکے نکال دیتی ہے،اگر مسلسل استعمال کیا جائے، تو اس مرض سے نجات مل جاتی ہے

[حاذق ص ۵۷۲]

{مسہل عجیب}

ھوالشافی۔سناء مکی [ا] تولہ مغز بادام [ا] تولہ حب الملوک [ا] فلفل دراز [ا] تولہ تمام کو خوب رگڑیں اور دیسی گھی سے چرب کرلیں بس تیار ہے [استعمال] ۲ رتی نیم گرم پانی کے ساتھ کھائیں، جتنی بار دست لینے ہوں اتنے ہی گھونٹ پانی پی لیں دست آتے رہیں جب بند کرنے ہوں تو نیم گرم دودھ پی لیں، یا خشک دھنیا کھالیں دوا کا اثر باطل ہوجائیگا اس عمل کے دوران پیاس لگتی ہے اس کا علاج صرف دودھ ہے، معدہ وامعا کا ملین ہے تمام فاسد مادہ کا مخرج ہے، بواسیر میں بہت مفید ہے

{برائے بخار}

ھوالشافی...مغز کرنجوہ [ا] تولہ پیپل خورد [ا] تولہ برگ کیکر [ا] تولہ زیرہ سفید [ا] تولہ مرچ سیاہ [ا] تولہ تمام ادیا کو بارے کرکے حبوب نخودی بنالیں نیم گرم پانی یا شربت بنفشہ سے دیں ہر قسم کے بخار ملیریا وغیرہ میں بھروسہ کا نسخہ ہے صبح دوپہر شام استعمال کریں اگر اس میں کشتہ گاؤدنتی بھی ملادیں تو بہت خوب ہوگا اثرات وفوائد بڑھ جائیں گے...

## لڈو پیشاب روک۔۔

۔ ہوالشافی۔ بھنے ہوئے چنے ایک سیر۔ دیسی گھی آدھ سیر۔ چینی آدھ سیر۔ کشمش 10 تولہ چھوہارے 10 تولہ گری 10 تولہ۔ مغزاخروٹ 10 تولہ تل سیاہ ایک پاؤ۔ پہلے بھنے ہوئے چنے گھی میں بھون لیں پھر پسی ہوئی چینی اور دوسری تمام چیزیں کوٹ کر لڈو بنا کر رکھ لیں۔ 5 تا 10 تولہ دن میں دو بار۔ عضلاتی غدی مٹھائی ہے۔ تمام رطوبطی امراض وعلامات مثلاً سلسل البول بول الفراش، دمہ بلغی، پرانا نزلہ زکام کے لئے بہترین غذائے دوائی ہے۔

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام وآداب..........................

سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) کے حکماء واحباب نے باہمی مشارت سے حکماء کی بہتری اور کاروبار میں تیزی اور بہتر مواقع کے لئے چند تجاویز پاس کی ہیں، آپ اگران تجاویز سے متفق ہیں تو سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) کے دروازے آپ کے لئے کھلے ہیں، آپ کی شرکت ہمارے لئے باعث افتخار ہوگی ممکن ہے آپ کی آراء و تجربات قوم کی فلاح و بہبود کے لئے کارلانے میں کامیاب ہوجائیں پیغام مسرت لے آئیں، یوں آپ ایک موئثر پلیٹ فارم سے اپنی صلاحیتوں کو بروئے جاننے والے جانتے ہیں کہ...

سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) کے پشت پناہ ایسے صدری و تیر بہدف نسخہ جات ہیں جو اساتذہ سے سینہ بہ سینہ ہم تک پہنچے ہیں جن کے فوائد واثرات سے خلق کثیر مستفید ہوکر معترف و قائل ہوچکی ہے، مستند حکماء کا بورڈ طبّی دنیا کے مشہور و معروف نسخہ جات کو حشو و زوائد کی تنقیح کے عمل میں مصروف ہے،اور جدید نسخہ جات کو منشیات سے پاک ناممکن الحصول اجزاء اور مفقود جڑی بوٹیوں سے الگ تھلگ علاقائی سطح پر ممکن الحصول اور ارزاں اجزاء سے ترتیب دیکر کسوٹی پر پورا اترنے والے نسخہ جات کو عام کرکے خلق خدا کو مستفید کرنا ہے، یہ مشترکہ کاوش

سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) اور بورڈ کے ممبران حکماء کا قوم کے لئے بیش بہا تحفہ کی حیثیت رکھتے ہیں، قطع نظر اس بات سے کہ نسخہ کہاں سے ملا، کس نے دیا، اس بات کو اہمیت دی جاتی ہے کہ اس کے اندر مسلمانوں اور پاکستانی عوام کے لئے کتنی افادیت موجود ہے، جو نسخہ جس سے ملا بلا بخل دینے والے کے حوالہ سے عام کردیا جاتا ہے، خالق کائینات نے رزق رسانی اپنے ذمہ لی ہے، مگر انسان بخل کے شکنجہ میں جکڑا ہوا ہے،

تجربات کو اپنے گناہوں کی طرح مخفی رکھتا ہے مگر

سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) نے جس روایت کی باگ دوڑ ڈالی ہے وہ آنے والوں کے خضر راہ کا کام دیگی۔

سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) نے دورو نزدیک سے بہت سے حکماء کو جمع کرکے ایک طبّی بورڈ تشکیل دیا ہے، جو مزمن و مشکل امراض کے بارہ میں تحقیق اور انکے علاج و معالجہ میں جدید انداز میں مصروف عمل ہے، حاضر مریضوں کی ماہر و نباض حکماء تشخیص و تجویز علاج کرتے ہیں اور جو مریض سخت بیماری یا علاقائی دوری کی وجہ سے نہیں آسکتے انکے لئے تشخیصی فارم موجود ہے جیسے بذریعہ ڈاک یا کسی دوسرے طریقہ سے مفت حاصل کیا جاسکتا ہے۔ یا پھر ہماری ویب سائٹ سے دائون لود کیا جاسکتا ہے، جس کی رہنمائی میں مریض اپنے مرض کے متعلقہ امور میں ماہر حکماء کی اراء و تشخیص اور تجویز علاج سے مستفید ہوسکتا ہے یاد رکھئے صحیح تشخیص ہی امید شفاء ہوسکتی ہے، بہتر انداز میں تشخیص و تجویز علاج ایک ذمہ دار معالج کی بنیادی ضرورت ہے، جو اس سے غفلت برتتے ہیں وہ اپنی ذمہ کا ٹھیک طور پر ادراک نہیں رکھتے جو ایک ناقابل معافی جرم ہے۔

## {ترجیحات وطریقہ کار}

[1] سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) کے ممبران حکماء اپنے مطب پر آنے والے مریضوں کی مکمل تفصیل محفوظ رکھیں گے نام/ولدیت/عمر/علامات/جنس/مدت مرض/سابقہ معالجات کی تفصیل/تجویز کنندہ ادویات/اندازاَ مدت علاج۔

[2] سعید فارمیسی (رجسٹرڈ) ماہانہ اجلاس میں علاقائی سطح پر عمومی طور پر زیادہ مقدار میں پایا جانے والا مرض، ادویات کی فراہمی/علاقائی سطح پر طبّی سہولیات کا جائزہ، اور دیگر طریقہ کار سے معالجات کی کی تفصیل

[3] سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) ممبران حکماء کے لئے خصوصی طور پر ادویات کی فراہمی/جو لاگت شدہ قیمت پر فراہم کی جایئنگی۔

سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) سے منسلکطب سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کی تربیت کے لئے خصوصی اہتمام کیا[4]
جائے گاپہلی ترجیح انسانی جسم کے بارہ میں بنیادی معلومات اور جڑی بوٹیوں کی شناخت کی تعلیم ہوگی۔

سعد فارمیسی (رجسٹرڈ) مستحق و نادار حکماء کو معقول مشاورت ادویات کی فراہمی،/اگر طبّی بورڈ تجویز کرے تو[5]
اس کے علاقہ میں فری طبّی کیمپ کاانعقاد اور بوقت ضروت بیداری عوام تشہیری مہم چلائی جائیگی۔

طب وروحانیات ایک جسم کے دو بازو ہیں جہاں طب ہوگی وہاں روحانیات و عملیات کاوجود ضرور ہوگا، ممبر [6]
حکماء کو عملیات کے بارہ میں خصوصی نشستوں کااجراء کیاجائے گا،جن میں روحانی امراض/علامات/ تشخیص/ تجویز
علاج کی مکمل معلومات فراہم کی جائیں گی تاکہ حکماء کوایسے امراض جو روحانیات سے متعلق ہوں میں بھی دسترس
حاصل

... ہوسکے اور اپنا مطب دل جمعی سے چلاسکیں

طالب دعا خیر اندیش قاری محمد یونس شاہد مئیو

انچارج: سعد فارمیسی رجسٹرڈ شالیمار ٹاؤن ابوبکر بلاک کاہنہ نو لاہور کینٹ

**فری (غذائی) طبّی کیمپ**

☆اہل علاقہ کے نادار اور پیچیدہ نئے اور پرانے امراض والوں کے لئے☆

عظیم خوش خبری۔

الحمد اللہ انتہائی مسرت کے ساتھ اعلان عام ہے کہ پیچیدہ اور دیرینہ امراض کی تشخیص اور معالجہ کے سلسلہ میں سعید فارمیسی رجسٹرڈ کی طرف سے فری طبّی کیمپ کا اجرا کیا جارہا ہے جس میں بلا تفریق مذہب و قوم/غریب وامیر ہر مریض پر انفرادی توجہ کے ساتھ۔ہر مریض کا معائنہ طبّی بورڈ کریگا۔طریقہ تشخیص۔۔حکماء پر مشتمل بورڈ امراض کی تشخیص و تجویز ادویات کریگا۔ادویات کی فراہمی۔طبّی کیمپ میں آنے والے مریضوں کو تین دن کی ادویات مفت فراہم کی جائیں گی۔

طریقہ استفادہ بیس (20) روپے کی پرچی (صرف رجسٹریشن کے لئے)

اوقات کار۔ صبح.........تا سہ پہر.......................

تاریخ انعقاد.............بروز.........................

بمقام

رابطہ کے لئے فون نمبر۔۔۔2107331-0302

سعید فارمیسی رجسٹرڈ (ہربل) شالیمار ٹاؤن کاہنہ نو لاہور کینٹ پاکستان

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم

الحمد اللہ سعید فارمیسی خلق خدا کی نفع رسانی کے لئے سال ہا سال سے مصروف عمل ہے جس میں پیچیدہ اور پوشیدہ /دیرنہ امراض کا تسلی بخش علاج کیا جاتا ہے،اور غذائی چارٹ پر عمل کرنے سے امراض کے یقینی خاتمہ ممکن بنایا جاتا ہے۔یہ سلسلہ کئی سالوں سے جاری ہے۔ مخلص احباب اور مخیّر حضرات کے اصرار پر عوام الناس کی بھلائی کی خاطر فری طبّی کیمپوں کا اجرا کیا جارہا ہے۔امراض میں مثلاََ

دماغی (بلغمی اور سرد امراض)

رسولیاں، بلغی کھانسی اور بلغی دمہ، مرگی، سنگ رہنی، ہیضہ، اعصابی لیکوریا۔بچوں کا سوتے میں پیشاب کرنا، نزلہ، زکام۔آدھا سیسی، ریڑھ کی ہڈی کا درد۔بلڈ پریشر لو۔ ملیریا۔ ناک سے مسلسل بہنے والی رطوبت شوگر۔منہ کے چھالے۔مردانہ کمزوری۔ڈبہ اطفال۔پھوڑے پھنسیاں۔سوتے میں منہ سے پانی جانا۔

امراض قلب (خشکی اور سوداوی)

دل ڈوبنا۔دل کا گھبرانا۔ٹی بی۔بواسیر۔جوڑوں کا درد (گینٹھیا)۔کالا یرقان۔ قبض۔بچوں کا سوکڑا عشہ۔ تشنج۔ کثرت حیض۔استحاضہ،دل کے بیرونی پردے میں پانی بھر جانا۔نقرس۔ترش ڈکاریں۔گیس

اور پیٹ کا اپھار۔خارش خشک وتر۔ خشکی سے پیدا ہونے والا بہرہ پن۔

امراض جگر (صفراوی اور گرمی)

یرقان۔سوزش جگر۔خونی پیچش اور مروڑ۔ہر وقت ہلکا بخار رہنا۔پتہ کا درد اور پتھریاں۔الرجی۔خون کی کمی۔چھپاکی۔ تنگی حیض۔جل کر پیشاب آنا۔بلڈ پریشر کا ہائی ہونا۔قطرے قطرے پیشاب آنا۔رحم کی سوزش۔لیکوریا۔خراش دار بہنے والے زخم۔بچوں کے بہنے والے پھوڑے اور پھنسیاں۔مثانہ کی جلن۔

مذکورہ الاامراض وعلامات ایسی ہیں جنہیں نا سمجھ لوگوں نے انتہائی خوفناک انداز میں متعارف کروایا ہے ۔اور پریشان حال مریضوں نے اپنی زندگی بھر کی جمع پونجی مہنگے سے مہنگے ٹیسٹوں پر برباد کردی لیکن مرض سے چھٹکارا نصیب نہ ہوا۔حالانکہ کوئی مرض ایسا نہیں جس کا مکمل اور شافی علاج موجود نہ ہو لیکن لوگ ہیں کہ پیسے کے بل بوتے پر شفا خرید نا چاہتے ہیں جب کہ مہنگے طریقہ علاج یا مہنگے ٹسٹوں میں شفا نہیں ہوتی۔شفا تو من جانب اللہ ہوا کرتی ہے۔طبیب کا کام شفا دینا نہیں،وہ تو صرف اس بات کا پابند ہے کہ ٹھیک تشخیص کرے اور مریض کی بہتر انداز راہنمائی کرے۔ قانون

قدرت ہے جو کام ٹھیک انداز میں کیا جائے اس کے اثرات ضرور ظاہر ہوتے ہیں۔

دعائوں کے طالب اراکین سعید فارمیسی اور مخیّر حضرات

بینر لکھوائی کے لئے عنوانات۔

ھوالشافی

سعید فارمیسی (رجسٹرڈ) کی طرف سے اہل علاقہ کے لئے

عظیم خوشخبری

فری طبّی (غذائی) کیمپ۔

جس میں نامور حکماء پر مشتمل بورڈ پیچیدہ و دیرینہ امراض کے بارہ ہیں مشاورت و معالجہ کی خدمات سرانجام دیگا۔

فری طبّی معائنہ (2) مجوزہ ادویات کی مفت فراہمی (3) غذائی مشاورت (4) روحانی مشاورت۔ (1)

.................................. مورخہ..........بمقام

............................... بوقت...........تا

.................................................رابطہ نمبر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہوالشافی

اہل علاقہ کے لئے، عظیم خوش خبری۔۔۔سعید فارمیسی کی طرف سے

فری طبّی (غذائی) کیمپ

جس میں پرانے اور ہٹیلی امراض کے بارہ میں نامور اور تجربہ کار حکما کرام عوام کو طبّی مشاورت دیں گے۔۔ مجوزہ ادویات مفت فراہم کی جائیں گی۔۔

............بمقام.................مورخہ...........بوقت......تا

من جانب سعید (ہربل) فارمیسی/دواخانہ شالیمار ٹائون کاہنہ نو لاہور۔

رابطہ نمبر-------------------------------------------

---------------------------------------------

خلق خدا کی بھلائی کے لئے ایک مستحسن اقدام

سعید فارمیسی (ہربل) رجسٹرڈ کی طرف سے مورخہ-----بروز---۔

فری طبّی (غذائی) کیمپ

ناموراور کہنہ مشق حکمائے کرام۔مشکل اور پرانے/پیچیدہ امراض کے بارہ میں آنے والے مہمانوں کو مشورہ دیں گے۔

نوٹ۔

آنے والے مریضوں کو سعید فارمیسی کی طرف سے ادویات مفت فراہم کی جائیں گی۔۔

بمقام۔-----------------

من جانب۔سعید فارمیسی ہربل (رجسٹرڈ)کاہنہ نولاہور کینٹ۔فون نمبر۔---------

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سعید فارمیسی ہربل (رجسٹرڈ) کی طرف سے

آنے والے معزز مہماں کو خوش آمدید کہتے ہیں

**03484225574,03238537640**

Youtube Channal

https://www.youtube.com/tibb4alltv

Whatsapp Groupe

https://chat.whatsapp.com/Ha0pbbxm8fg3YmQz8gI9GV

سعد طبیہ کالج۔۔۔دنیا کا علم